## چوتھا باب

آج تو میان بي بي مین یہ قول و قرار ھوا اگلے دن چھوٹا بیٹا سلیم ابھي سوکر بھي نہین اٹھا تھا کہ بیدارا نے آجگایا کہ صاحبزادے اُٹھئے [1]بالاخانہ پر میان بلاتے ھین ۔ سلیم کي عمر اس وقت کچھہ کم دس برس کي تھي ۔ سلیم نے جو طلب کي خبر سني گھبراکر اٹھہ کھڑا ھوا اور جلدي سے ھاتھہ منھہ دھو مان سے آکر پوچھنے لگا اما جان تمکو معلوم ھي ابا جان نے کیون بلایا ھي

**مان** ۔ [2]بھائي مجھکو توکچھہ خبر نہین

**بیٹا** ۔ کچھہ خفا تو نہین ھین

**مان** ۔ [3]ابھي تو کوٹھے پر سے بھي نہین اترے

sistency is of no importance. In *colloquial usage*, no one thinks of the "formative" in words of this class.

[2] *Bhâ'î*: a familiar mode of address among equals, whatever the degree of relationship or tie between them. It is also used by seniors and superiors in familiar conversation with those beneath them.

[3] *Kothâ*. See Ch. II. 81. Nasûh had not yet come down to the room below.

[1] *Bâlâ-khâna par*, as in the Author's MS. and in the first (Agra) edition. Nazîr Ahmad, as a rule, does not inflect Persian nouns in *a* followed by silent *h*. For example, in the very first sentence of the tale, he wrote هیضہ and کوچہ, and the Cawnpore editor is alone responsible for the inflection. That he failed to make the correction (if it is a correction) here was an oversight (see p. 53, line 6), and I leave the word as it stands, for the incon-

سلیم ـ بیدارا تجھکو کچھ معلوم ھي
بیدارا ـ میان مین اوپر لوٹا لینے گئي تھي میان اکیلے بیٹھے ھوئے کتاب پڑھ رھے تھے مین آنے لگي تو میان نے آپکا نام لیا اور کہا کہ انکو بھیجدیجیو
سلیم ـ صورت سے کچھ غصہ تو نہین معلوم ھوتا تھا
بیدارا ـ نہین تو
سلیم ـ تو امّا جان ذرا تم بھي میرے ساتھ چلو
مان ـ میري گود مین لڑکي سوتي ھي تم اتنا ڈرتے کیون ھو جاتے کیون نہین
سلیم ـ کچھ پوچھینگے
مان ـ جو کچھ پوچھینگے تم اسکا معقول طور پر جواب دینا

غرض سلیم ڈرتا ڈرتا اوپر گیا اور سلام کرکے الگ جا کھڑا ھوا باپ نے پیار سے بلاکر پاس بٹھالیا اور پوچھا کیون صاحب ابھي مدرسے نہین گئے
بیٹا ـ [4] جي بس اب جاتا ھون ابھي کوئي گھنٹے بھر کي دیر اور ھي
باپ ـ تم اپنے بھائي کے ساتھ مدرسے جاتے ھو یا الگ
بیٹا ـ [5] کبھي کبھار بھائي جان کے ساتھ چلا جاتا ھون ورنہ اکثر اکیلا جاتا ھون
باپ ـ کیون
بیٹا ـ اگلے مہینے امتحان ھونے والا ھي [6] چھوٹے بھائي جان اسي

[4] *Jî bas ab jâtâ hûn*, 'Yes, of course, I am going presently.'

[5] *Kabhî-kabhâr*: a variation of *kabhî-kabhî* common in the upper Doab. *Warna aksar akelâ jâtâ hûn*, 'but oftener I go alone.'

[6] *Chhote bhâ'î jân*: the second brother, who was *younger* than the eldest, though older than the boy himself.

کیواسطے طیاري کررهے هین صبح سویرے اُٹھکر کسي هم‌جماعت
کے [7] یهان چلے جاتے هین وهان انکو دیر هوجاتي هي تو پهر گهر بهي
نهین آتے مین جاتا هون تو انکو مدرسے مین پاتا هون

**باپ** ـ کیا [8] اپنے گهر مین جگهه نهین هي که دوسرون کے یهان
جاتے هین

**بیٹا** ـ جگهه تو هي مگر وه کهتے تهے که یهان بڑے بهائي جان
کے پاس هر وقت گنجیفه اور شطرنج [9] هواکرتا هي اطمینان کے ساتهه
پڑهنا نهین هوسکتا

**باپ** ـ تم بهي شطرنج کهیلني جانتے هو

**بیٹا** ـ مهرے پهچانتا هون چالین جانتا هون مگر کبهي خود
کهیلنے کا اتفاق نهین هوا

**باپ** ـ مگر زیاده دنون تك دیکهتے دیکهتے یقین هي که تم
بهي کهیلنے لگوگے

**بیٹا** ـ شاید مجهکو عمر بهر بهي شطرنج کهیلني نه آئیگي

**باپ** ـ کیون کیا ایسي مشکل هي

**...ٹا** ـ مشکل هو یا نهو میرا جي هي نهین لگتا

---

[7] *Yahân*, not *hân*; but see the vehement protest of Platts, § 240, *note*. My own experience is entirely on the side of *yahân*, so far as colloquial usage is concerned. Nazîr Ahmad is a Dehli man, born and bred, and the Cawnpore editor, who belongs to a Lucknow establishment, would certainly have changed *yahân* to *hân*, if he thought the latter was better style. Platts quotes a native newspaper in favour of *hân*, but the usage of unknown writers for the press is no *authority*. Râjâ Siva Prasâd takes no notice of *hân* as a form of *yahân*, and tells us that *yahân* is derived from *yah-sthân*, 'this place.' The most that can be said for *hân* is that it is an abbreviation of the Hindî form *ihân*. In Urdû poetry *yahân* is sometimes contracted into *yân*. See Ch. VII. 27.

[8] *Apne*. See Ch. I. 85.

[9] The verb here is not in concord with the subject nearest to it, which is the ordinary rule. The reason is that the speaker's meaning is 'cards, chess, and other games,' and not the two games mentioned only.

**باپ** ـ سبب

**بیٹا** ـ مین پسند نهین کرتا

**باپ** ـ چونکہ مشکل هي اکثر مبتدي گهبرایاکرتے هین مجهکو یقین هي کہ گنجیفہ مین تمهاري طبیعت خوب [10] لگتي هوگي وه بہ نسبت شطرنج کے بهت آسان هي

**بیٹا** ـ مین [11] شطرنج کي نسبت کر گنجیفہ کو زیادہ تر ناپسند کرتا هون

**باپ** ـ هان شطرنج مین طبیعت پر زور پڑتا هي اور گنجیفہ مین حافظ پر

**بیٹا** ـ میري ناپسندیدگي کا کچهہ خاص کر یهي سبب نهین هي بلکہ مجهکو سارے کهیل برے معلوم هوتے هین

**باپ** ـ تمهاري اس بات سے مجهکو تعجب هوتا هي اور مین تمسے تمهاري ناپسندیدگي کا اصلي سبب سننا چاهتا هون کیونکہ شاید اب سے پانچ یا چهہ مهینے پهلے جن دنون مین باهر کے مکان مین بیٹها کرتا تها مین نے خود تمکو هر طرح کے کهیلون مین نهایت شوق کے ساتهہ شریك هوتے دیکها تها

**بیٹا** ـ آپ درست فرماتے هین مین همیشہ کهیل کے پیچهے دیوانہ بنا رهتا تها مگر اب تو مجهکو ایك دلي نفرت هوگئي هي

**باپ** ـ [12] آخر اسکا کوئي سبب خاص هوگا

---

lows on *Sura* v. 92: "Tradition has expanded the word *ansab* (chance), so as to include all figures, and hence the strict observers of the letter of the Koran forbid the game of chess. The Persians, however, and Indians generally, interpret this verse more liberally."

[12] *Ákhir*, 'after all,' or 'however.' See Ch. III. 24.

[10] For the tense, see Ch. II. 10.

[11] *Shatranj kí nisbat kar*, 'as compared with chess.' *Kar* is the conjunctive participle, very commonly used in this form to denote 'specification.' See Ch. X. 97; and note *khâs-kar* in the next line but two.

As regards the implied iniquity of chess, Rodwell notes as fol-

**بیٹا** ـ آپ نے اکثر چار لڑکون کو کتابین بغل مین دابے اندر گلي مین آتے جاتے دیکھا هوگا

**باپ** ـ وهي جو [13]گورے گورے چار لڑکے ایك ساتھ رهتے هین [14]پھڈّي جوتیان پهنے منڈے هوئے سر اونچے پاجامے نیچي چولیان

**بیٹا** ـ هان جناب وهي چار لڑکے

**باپ** ـ پھر

**بیٹا** ـ بھلا آپ نے کبھي اُنکو کسي قسم کي شرارت کرتے بھي دیکھا هي

**باپ** ـ کبھي نهین

**بیٹا** ـ [15]جناب کچھ عجب عادت ان لڑکون کي هي راه مین چلتے هین تو گردن نیچي کئے هوے اپنے سے بڑا ملجاے جان پهچان هو یا نهو انکو سلام کرلینا ضرور ـ کئي برس سے اس محلے مین رهتے هین مگر [16]کانون کان خبر نهین محلے مین کوڑیون لڑکے بھرے پڑے هین لیکن اُنکو کسي سے کچھ واسطہ نهین [17]آپسمین اوپرتلے کے چارون بھائي هین نہ کبھي لڑتے نہ کبھي جھگڑتے نہ گالي بکتے نہ قسم کھاتے نہ جھوٹھ بولتے نہ کسي کو چھیڑتے نہ کسي پر آوازه کستے ـ همارے هي مدرسے مین پڑھتے هین وهان بھي انکا یهي حال هي کبھي کسي نے اُنکي جھوٹي شکایت بھي تو نهین کي ڈیڑھ بجے ایك گھنٹے

---

[15] *Janâb*: a title of respect or subservience, corresponding to 'Your Grace,' or 'Your Reverence.' *Janâb-'âlî*, 'Your exalted Honour,' is more common than *janâb* to English ears in India.

[16] *Kânon kân.* See Ch. I. 110.

[17] *Âpas men ûpar tale ke chāron bhâî hain.* For the meaning of this, see Ch. I. 80.

[13] *Gore gore*, 'remarkably light complexioned.' Among the natives a light complexion is a mark of birth and respectability. It may be observed that the oldest name for 'caste,' the वर्ण of Manu's Code, signifies 'tint' or 'colour.'

[14] *Phiddî jûtiyân*: shoes with the heels trodden down, something as our slippers.

کي چھٹي ھوا کرتي ھي لڑکے کھيل کود مين لگ جاتے ھين يہ
چارون بھائي ايک پاس کي مسجد مين نماز پڑھنے چلے جاتے ھين

**باپ** ـ بھلا پھر

**بيتا** ـ [18] سنجھلا لڑکا ميرا ھمجماعت ھي ايک دن ميرا [19] آموختہ ياد نتھا مولوي صاحب نہايت ناخوش ھوے اور اسکي طرف اشارہ کرکے مجھسے فرمايا کہ کمبخت گھرسے گھر ملا ھي اسکے پاس جاکر ياد کرلياکر مين نے جو پوچھا کيون صاحب [20] ياد کراديا کروگے تو کہا بسر و چشم ـ غرض مين اگلے دن انکے گھر گيا آواز دي انھون نے مجھکو اندر بلاليا ديکھا کہ ايک بہت بوڑھي سي عورت [21] تخت پر جاے نماز بچھاے [22] قبلہ رو بيٹھي ھوئي کچھ پڑھ رھي ھين وہ ان لڑکون کي ناني ھين لوگ انکو حضرت بي کہتے ھين ـ مين سيدھا سامنے دالان مين اپنے ھمجماعت کے پاس جابيٹھا جب حضرت بي اپنے پڑھنے سے فارغ ھوئين تو انھون نے مجھسے کہا کہ بيتا گو تمنے مجھکو سلام نہين کيا ليکن ضرور ھي کہ مين تمکو [23] دعا دون جيتے رھو عمر دراز خدا نيک ھدايت دے ـ

---

[18] *Sanjhlâ*, 'the third of the four'; *manjhlâ* being the 'middle,' or second son. The latter term is derived from *manjha* (*madhya*), 'mid-day,' the second of the four times; and *sanjhlâ* is by analogy derived from *sanjhâ*, 'evening,' the third of the four times.

[19] *Âmokhta*, 'taught,' signifies an old lesson, or 'repetition,' as compared with *sabaq*, 'lesson,' generally.

[20] *Yâd karâ-diyâ-karoge*, 'Will you regularly help me to get my task?' See Ch. I. 42.

[21] *Takht par jâe-namâz bichhâe*, 'with her prayer-carpet spread upon the *takht*.' The *takht* is a moveable platform on short legs, which can be placed where wanted, or be combined with others to form a dais. The ground-floor of native houses, even of the better sort, is rarely boarded, and the *takht* is a most useful substitute.

[22] *Qibla-rû*, 'with her face towards Mecca.' The adoption of Mecca instead of Jerusalem as the *qibla* of Islam, was sanctioned by *Sura* ii. 139 of the Qoran: "Turn, then, thy face towards the Sacred Mosque," instead of to Jerusalem, as formerly.

[23] The *du'â* is a form of blessing and salutation, of which three specimens are given in the text.

انکا یہہ کہنا تھا کہ مین غیرت کے مارے [24] زمین مین گڑ گیا اور فوراً مین نے اٹھکر نہایت ادب کے ساتھہ سلام کیا تب حضرت بي نے فرمایا کہ بیتا برا مت ماننا یہہ بھلے مانسون کا دستور هي کہ اپنے سے جو بڑا هوتا هي اسکو سلام کرلیاکرتے هین اورمین تمکو نہ توکتي لیکن چونکہ تم میرے بچون کے ساتھہ اٹھتے بیتھتے هو اس سبب سے مجھکو جتادینا ضرور تھا۔ اسکے بعد حضرت بي نے مجھکو متھائي دي اور بڑا اصرار کرکے کھلائي مدتون مین انکے گھر جاتا رها حضرت بي بھي مجھکو اپنے نواسون کي طرح چاهنے اور پیارکرنے لگین اور همیشہ مجھکو نصیحت کیاکرتي تھین تبھي سے میرا دل تمام کھیل کي باتون سے کھتا هوگیا

**باپ** ۔ یہہ تو تمنے اچھا اختصار کیا ۔ اجي سب باتین مجکو سناؤ کیا کیا تمسے حضرت بي نے کہا

**بیتا** ۔ هر روز آنے جانے سے مین ان لوگون کے ساتھہ خوب بے تکلف هوگیا مگر حضرت بي نے [25] بس پہلے دن سلام نہ کرنے پر توتوکا تھا پھر کوئي گرفت نہین کي باوجودیکہ مین شوخي بھي کرتا تھا لیکن [26] وہ خبر نہین هوتي تھین ۔ ایک دن مجھسے اور ایک همسائے کے لڑکے سے باهر گلي مین کھیلتے کھیلتے [27] عین انھین کے دروازے پر لڑائي هو پڑي سخت کلامي کے بعد گالي گلوج کي نوبت پهونچي پھر مارکُتائي

[27] *'Ain unhîn ke darwâze par,* 'right at her door.' *'Ain,* the 'eye' or 'fountain,' &c., is employed in a variety of idiomatic phrases, of which the translation depends on the context. *'Ain sone ke waqt* will be remembered in Ch. II. p. 42, line 5. In Ch. X. we have *unkâ rupaya 'ain tumhârâ rupaya hai,* 'his money is really and truly your money?' See also the phrase at Ch. VI. 61.

[24] *Zamîn men gar-gayâ,* 'I was rooted to the earth.' The same expression has already occurred at p. 76, line 1.

[25] *Bas,* &c., 'Enough to say that Hazrat Bî, having reproved me that first day for not making a *salâm,* did not find fault with me again.'

[26] *Woh khabar nahîn hotî thîn,* 'She took no notice.'

هونے لگي لڑکا مجهسے تها کمزور [28] اڑنگے پر چڑها جو ایك پٹخني دیتا هون چارون شانے چت پهر تو مین اسکي چهاتي پر چڑه بیٹها اور بیچارے کو ایسے گهسے دیئے که یاد هي کئے هونگے اور لوگ چهڑا نه دیتے تو مین اسکو ادهموا کر هي چکا تها بارے دو چار آدمیون نے مجهکو اسپر سے اتارا اور دو ایك نے میري پیٹه بهي ٹهوکي که شاباش پٹهے شاباش لیکن [29] وه لڑکا ایسا چیندباز تها که پهر خم ٹهوك کر سامنے آ کهڑا هوا مین چاهتا تها که پهر گتهه جاؤن ـ اتنے مین اندر سے اسي میرے هم‌جماعت نے آواز دي ادهر لوگون نے کها که میان جانے بهي دو یهه تمهارے جوڑ کا نهین هي

غرض مین اندر چلا گیا میرے هم‌جماعت نے پوچها کیون جي کس سے لڑرهے تهے مین نے کها میان یهي کنجڑے والا [30] رمضاني کمزور مارکهاني کي نشاني لیکن خدا کي قسم مین نے بهي آج اسکو ایسا رگڑا هي که یاد هي تو کریگا ـ اس وقت تك غصه اور طیش تو فرو هوا هي نه تها نهین معلوم کیا کیا مین نے بکا که سب گهروالون نے سنکر آنکهین نیچي کرلین اور بڑي دیر تك [31] سرنگون بیٹهے رهے

---

defiance.' When a wrestler has been thrown, the custom is for him to stand aside in token of defeat.

*Guthnâ*, or *guthjânâ*, is to close with an adversary in wrestling.

[30] *Ramazânî*, born during Ramazan: a term of reproach, which may be rendered 'starveling.' *Mârkhânî kî nishânî*: a jingle which hardly admits of a literal rendering; 'meant for thrashing' conveys the sense.

The anacolouthon here is very natural. The boy is carried away by the excitement of his recollections.

[31] *Sar-nigûn* (or *nigûn-sâr*): a Persian phrase, which is equivalent to *sir nîche kie huè*.

[28] *Arange par charhâ*, &c., 'I got him on the hip for the cross-buttock—one throw, and down he was, flat on his back; then I mounted on his chest and gave the poor chap such a rubbing (on the ground), that he will have well remembered it; and if the people had not made me let him go, I should have half killed him.'

*Châron shâne chit*, lit. 'all four shoulders flat upon the ground'—rather a graphic way of putting it. *Chit* is shortened from *chhitî*, the earth; in fact, *chhitî chhân* in Hindî means 'prostrate.'

[29] Translate: 'But the boy was so unfair that he again stood up before me, slapping his arms in

آخر حضرت بي بولين كہ سليم بڑے افسوس كي بات هي كہ تو ايسا پيارا لڑكا اور گن تيرے ايسے خراب اس منهہ سے ايسي باتين – آج كئي دن سے مين تجهكو سمجهانے والي تهي مگر اس وقت جو مين نے تيري گفتگو سني مجهكو يقين هوگيا كہ تجهكو سمجهانا بے سود هي – بڑا رنج تو مجهكو اسي بات كا هي كہ تو هاتهہ سے گيا گذرا هوا دوسرا كهتكا يہہ هي كہ تو ميرے لڑكون كے پاس آتا جاتا هي اگر خدا نخواستہ [32] تيري خوبو كا ايك شمہ انهون نے اختيار كيا تو ميري طرف سے يہہ جيتے جي مرلئے ملنا جلنا تو بڑي بات هي اب يہہ محلہ مجهكو چهوڑنا پڑا – اتني بيحيائي ايسي بدزباني – اول تو لڑنا اور پهر گلي كوچے مين – اور اسپر ايسي موتي موتي گاليان

**مين** – جناب خدا كي قسم هرگز مين نے پهل نهين كي وه سر چڑهكر مجهسے لڑا

**حضرت بي** – بس اپني قسمون كو بند كرو مين قسم اور گالي دونون كو برابر سمجهتي هون جسكو خدا كا نام لينے مين باك نهين اسكو كسي بات كے بك دينے مين تامل نهين

**مين** – گالي بهي پهلے اسنے مجهكو دي

**حضرت بي** – تمنے كيون گالي كهانے كي بات كي

**مين** – يهي تو مين عرض كرتا هون كہ ميرا مطلق قصور نتها

**حضرت بي** – كيا ايسے بيهوده لڑكون سے ملاقات ركهنا تمهارا قصور نهين هي – وه ايك بازاري آدمي كا بيتا هي اور تم ايك بڑے عزتدار كے لڑكے هو تمهارے دادا كا شهر مين وه شهره هي كہ انكے نام كي لوگ تعظيم كرتے هين انهين كے پوتے تم هو جهوتهہ بولنے پر دلير قسم كهانے مين بيباك فحش بكنے مين بے دهڑك – سليم كوئي

it is, therefore, peculiarly apposite here with reference to the Persian *bû.* See p. 57, line 9, where 'particle' is the meaning.

[32] *Terî khû-bû kâ ek shamma*, 'the smallest trace of your (bad) habits.' The Arabic *shamma* radically means 'scent' or 'smell':

شخص دین اور دنیا دونون مین اس وجہ سے عزت نہین پاسکتا کہ اسکے باپ‌دادے عزت‌دار تھے آدمي کي عزت اسکي عادت اور مزاج سے هي ـ کیا تم کہہ سکتے ہو کہ یہہ عادتین جو تمنے سیکھي هین عزت حاصل کرنے کي هین ـ هرگز نہین

یہہ سنکر مجھکو اس قدر شرمندگي هوئي کہ مین رونے لگا اور حضرت بي بھي آبدیدہ هوئین اور مجھکو پاس بٹھاکر پیار کیا اور کہا کہ بیٹا مین تمھارے هي فائدہ کے لئے کہتي هون [33] اب بھي کچھہ نہین گیا لیکن چند روز بعد تمکو ان عادتون کا چھوڑنا بہت مشکل هوجایگا

مین نے اسي وقت توبہ کي اور کہا کہ اگر اب سے آپ مجھکو قسم کھاتے یا فحش بکتے یا جھوت بولتے یا بازاري لڑکون مین کھیلتے سنین تو مجھکو اپنے گھر مین نہ آنے دیجئےگا

**باپ** ـ کیا بس اسي دن سے تمکو کھیلنے سے نفرت هوگئي

**بیٹا** ـ جناب نہین ـ مہینون مین حضرت بي کے یہان جاتا رها اور هر روز نصیحت کي دو چار باتین وہ مجھکو بتایاکرتي تھین ـ ایک روز انھون نے مجھي سے میرے وقت کا حساب پوچھا مین نے سونا اور کھانا اور کھیلنا اور تھوڑي دیر لکھنا پڑھنا بھتیرے کام گنوائے مگر انھون نے سنکر ایک ایسي آہ کھینچي کہ آج تک اسکي چوٹ مین اپنے دل مین پاتا هون اور کہا کہ سلیم آٹھہ پہر مین خدا کا ایک کام بھي نہین خدا نے تمکو آدمي بنایا کیا ممکن نتھا کہ وہ تمکو بلّي یا کتّا بنادیتا پھر آدمي بھي بنایا تو ایسے خاندان کا جو عزت‌دار اور خوشحال هي ـ هوسکتا تھا کہ تم مزدور یا لکڑهارے کے گھر پیدا هوتے اور ایسي هي چھوٹي سي عمر مین تمکو پیٹ پورا کرنے کیواسطے

[33] *Ab bhí kuchh nahín gayá.* Understand *zamána*, and the meaning is clear: 'even now you are very young.'

محنت کرني پڑتي اور پھر بھي سواے چبينے کے اور کچھ نپاتے اور وہ بھي پيٹ بھرکر نہين ايك لنگوٹي تم باندھے پھرتے نہ پانون مين جوتي نہ سر پر ٹوپي نہ گلے مين انگرکھا جہان جاتے دور دور جسکے پاس کھڑے ہوتے پھٹ پھٹ ـ پھر صورت تمکو ايسي پاکيزہ دي کہ جو ديکھے پيار کرے کيا تمکو[34] کالابھٹ کانڑا لنگڑا کوڑي بناديتا اسکو مشکل تھا ـ جس خدا کے تمپر اتنے سلوك اور اتنے احسان ہين ستم ہي کہ دن رات مين ايك دفعہ بھي اسکے آگے سر نہ جھکاؤ غضب ہي کہ ايك لمحہ بھي اسکو ياد نکرو

تب حضرت بي نے مجھکو نماز سکھائي اسکے معني سمجھائے اور اسي طرح انھون نے مجھکو ہزارہا نصيحتين کين کہ بر زبان ياد نہين رہين مگر افسوس ہي کہ کئي مہينے سے انکے گھر ميرا جانا چھوٹ گيا ـ يہہ کہکر سليم کي آنکھون مين آنسو بھرآئے

**باپ** ـ کيون تمنے انکے يہان کا جانا ترك کيا ـ کيا انکے نواسون سے لڑائي ہوگئي

**بيٹا** ـ جناب انکے نواسے مجھکو بھائيون سے کہين زيادہ عزيز ہين اگر مين انسے لڑتا تو دنيا مين مجھسے زيادہ نالائق کوئي نہ تھا

**باپ** ـ پھر کيا خود حضرت بي تمسے ناخوش ہوگيئن

**بيٹا** ـ استغفرالله وہ تو[35] اس درجہ کي نيك ہين کہ غصہ انکو چھو ہي نہين گيا .

**باپ** ـ [36] تو کيا تم آپ سے آپ بيٹھ رہے

---

ing to stand, though he has inflected this same word *darja* at p. 27, line 18, and in other places.

[36] *To kyâ*, &c., 'Then have you stayed at home of your own accord?' An almost technical use of the word *baithnâ*. Comp. the phrase *ghar baithe*, Ch. VIII. 88.

[34] *Kâlâ-bhat*, 'black as a sweep,' is, perhaps, the nearest approach to the meaning. *Bhat* means a 'fire-place,' and readers of the *Bag-o-Bahâr* will remember *sûrat na shakl, chûlhe se nikal.*

[35] *Is darja kî nèk hain.* (See Note 1 above.) Here again the editor allows the original read-

**بیٹا** ـ مین تو هر روز وهان جانے کیواسطے تڑپتا هون
**باپ** ـ توکیا یهان تمکو کسي نے منع کردیا هي
**بیٹا** ـ نهین کسي نے منع بهي نهین کیا
**باپ** ـ پهر کیا سبب هوا
**بیٹا** ـ [37]اگر آپ مجهکو اسکا سبب بیان کرنے سے معاف رکهتے تو بهتر تها
**باپ** ـ نهین ضرور هي کہ مین تمهارے نجانے کا سبب معلوم کرون
**بیٹا** ـ اسمین ایك شخص کي شکایت هوگي اور حضرت بي نے مجهکو غیبت اور چغلي کي ممانعت کي هي
**باپ** ـ لیکن کیا وهان کے نجانے سے تمهارا نقصان نهین هي
**بیٹا** ـ اي جناب [38]نقصان سا نقصان هي مگر میرے اختیار کي بات نهین
**باپ** ـ تو مین تمکو اپنے منصب پدري کي رو سے حکم دیتا هون کہ تم سارا حال [39]پوست کنده بیان کرو
**بیٹا** ـ جناب حضرت بي نے ایك مرتبہ مجهکو بتاکید کها تها کہ تم اپنے سر کے بال منڈوا ڈالو ـ اگرچہ مجهکو بال بهت عزیز تهے اور مین انکي خدمت بهي بهت کچهہ کرتا تها لیکن چونکہ مجهکو یقین تها کہ حضرت بي جو بات کهتي هین. ضرور میري منفعت کیواسطے کهتي هین مین نے کها بهت خوب ـ حضرت بي نے اور تو کچهہ سبب نهین بیان کیا مگر اتنا کها کہ بالون کي بزرگداشت مین تمهارا بهت سا وقت صرف هوتا هي اور وقت ایسي چیز نهین هي

[37] For the use of *thâ* in the apodosis in sentences of this kind, see Ch. I. 151.

[38] *Nuqsân sâ nuqsân*, 'something like a loss,' or 'a loss and no mistake.'

[39] *Post-kanda*, 'without concealment'; lit. 'skinned.'

[40] کہ اسکو ایسي فضول باتون مین صرف کیا جاے اور تمکو بڑے بال رکھنے کي کچھہ ضرورت بهي نہین هي - اگلے دن جو حجام بڑے بهائي جان کا خط بنانے آیا مین نے اس سے کہا کہ [41] خلیفہ میرے بال بهي مونڈدینا بالون کا مونڈنا سنکر بڑے بهائي جان اس قدر خفا هوے کہ مین عرض نہین کرسکتا [42] مجهکو جو چاهتے کہہ لیتے حضرت بي اور انکے نواسون کو بہت هي برا بهلا کہا - یہہ کہکر سلیم کي آنکهون مین آنسو بهر آئے

**باپ** - تمهارے بڑے بهائي سے اور حضرت بي سے کیا واسطہ اور انکو تمهارے افعال مین [43] میرے هوتے کیا دخل

**بیٹا** - جناب نہین معلوم انکو کسطرح معلوم هوگیا تها کہ مین انکے گهر آتا جاتا هون دو ایک مرتبہ مجهسے پہلے بهي کہا تها کہ تو ان [44] مردہ‌شو [45] قلاؤذیون کے ساتهہ اکثر رهتا هي کیا تو بهي ملانا

---

what is usually called the 'participle,' is a verbal noun, and the suppression of the locative post-position is one of the commonest forms of elipse in Hindustani. To call such an expression as *dekhte hî* (next page, line 3) an 'adverbial participle'—a principal part of the verb *per se*—is a misnomer. *Dekhtâ* is the *ism-i-fâ'il* of the native grammarians, and *dekhte hî* is an abbreviation of *dekhte hî men*, in which the particle *hî* often points to some other act or circumstance as coincident. *Dekhte ke sâth* is an alternative form of the phrase, much favoured by Nazîr Aḥmed. See Kellogg, § 329.

[44] *Murda-shû*, 'corpse-washer.' In general the washing of the dead is arranged for at the burial-ground by menials appointed for the service.

[45] This word is written in the

[40] *Kih usko aisî fuzûl bâton men sarf kiyâ jâe*, 'that it should be spent on such unnecessary trifles.' *Usko* is legitimate here, though the construction is at variance with our notions of grammar. See Platts, § 478 *Rem.* A striking example of the same thing is noticed at Ch. XIII. 2: *Kalîm ko . . . pîchhe dekh-lîyâ jâegâ*, 'Kalîm will be looked to afterwards.' The same idiom occurs in Arabic.

[41] *Khalîfa*: the conventional term of address in the case of barbers, tailors, cooks, &c.

[42] *Mujhko jo châhte kah-lete*, 'he might have called *me* what he pleased.' The *shart*, or 'condition,' is, of course, involved in *jo châhte*. See Ch. II. 72.

[43] *Mere hote (men)*, 'while I am alive.' Observe that in this and similar forms of expression, such as *mere rahte* (p. 15, line 11),

اور مسجد کا ٹکڑگدا بنے گا - اس دن [46] بالون پر کہنے لگے کہ دیکھا
آخر ان نابکارون کي صحبت کا یہہ اثر ہوا کہ آپ اچھے خاصے سر کو
[47] چھلا ہوا کسیرو بنانے چلے ہین کہ دیکھتے ہي ہتھیلي کھجلائے
[48] چانٹا مارنے کو جي چاہے [49] ابے اکیلے سر منڈانے سے کیا ہوتا ہي
گھٹنون تک کا کرتہ پہن ٹخنون تک کا پاجامہ بنا پنجایت کیواسطے دو
چار سورتین یاد کر اور جو چاہے کہ فقط انگلي کو خون لگاکر شہیدون
مین داخل اور نرا سر منڈاکر بریاني کي دعوتون مین شامل
ہوجاؤن توبچا ہاتھہ دھو رکھو گھسنا تو ملنے ہي کا نہین

**باپ** - تمنے کچھہ جواب نہین دیا

**بیٹا** - جناب اول تو بڑے بھائي کو جواب دینا خلاف شیوۂ ادب
تھا اور اگر دیتا تو مجھکو جیتا بھي نچھوڑتے [50] جب تک مین سامنے

your drawers reach no further than the ankle; get by heart a few *sûras* as a *panjâyat.* If your idea is to be enrolled among the martyrs by only smearing your fingers with blood, or to have a place at the mosque meals by simply having your head shaved, then, my lad, prepare to be disappointed: to thrust yourself on people is not the way to be welcomed.' See Ch. VII. 13.

*Panjâyat*: technical term for the five *sûras* of the Qorân which are recited at funerals. These are the *Fâtiha*, or opening *sûra*, and the 109th, 112th, 113th, and 114th *sûras*, each of which begins with قُلْ. 'The *Fâtiha* and the four *Qul*,' is an alternative expression for the term *panjâyat.*

[50] *Jab tak,* &c., 'till I got out of his way'; or according to the Hindûstânî idiom, 'so long as I did not get out of his way.'

corrupt form of vulgar usage. Platts correctly explains the word *sub voce* قُلْ. The 113th and 114th (the two last) *sûras* of the Qorân, which always form part of the funeral service, begin with the words قُلْ أَعُوذُ 'Say, I take refuge'; hence the readers hired for the occasion are nicknamed قلوئی by the vulgar.

See Note on *panjâyat* below.

[46] *Bâlon par,* 'on the subject of my hair.'

[47] *Chhilâ hûâ kaserû,* 'a peeled *kaserû.*' This tuber has a dark skin, which covers a light-coloured interior.

[48] *Chântâ* is a light 'slap' with two fingers or so: *thappar* is a 'slap' with the full palm.

[49] *Abe akele sir mundâne se kyâ hotâ hai,* &c., 'My good fellow, what is the use of only getting your head shaved? Wear your coat down to your knees; make

سے تل نہین گیا انھون نے زبان بند نہین کي اور ناحق حضرت بي
اور انکے نواسون کي شان مین بري بري باتین کہین ۔ غرض دڑ کے
مارے پھر مین نے بال منڈوانے کا نام نہین لیا اور تبھي سے مجھکو
ایك حجاب سا پیدا ھوا کہ کئي بار مجھسے کہہ چکي ھین اپنے دل
مین [51] کیا کہتي ھونگي کہ کیسا خودسر لڑکا ھي لیکن پھر انھون نے
کچھہ تذکرہ نہین کیا معلوم نہین بھول گئین یا کہنے سے کچھہ فائده
ندیکھکر چپ ھورھین

ابھي تك مین نے جانا نہین چھوڑا اگرچہ میرا جانا داخل
بےغیرتي تھا جب انھون نے مجھکو نماز سکھائي اور نماز کي تاکید
کي تو مین نے ایك دن گھر مین نماز پڑھني چاھي بڑے بھائي جان
اور انکے یار دوست برابر ھنسائے جاتے تھے اور مین نہین ھنستا
تھا تو جانماز الٹ الٹ دیتے [52] سجدے مین جاتا تو اوپر بیٹھہ
بیٹھہ جاتے ایسي حالت مین ممکن نہ تھا کہ مین نماز پڑھہ سکون اور
حضرت بي سچ بولنے کا مجھسے عہد لے ھي چکي تھین مین نے
سوچا کہ جاؤنگا تو نماز کو پوچھینگي کیا کہونگا ۔ بالون کي شرمندگي
اور نماز کي ندامت غرض اعمال کي شامت کہ مین نے جانا چھوڑدیا
اب [53] وھان گئے مجھکو تین ساڑھے تین مہینے ھوگئے ۔ میري اس
[54] نااھلي کو دیکھئے کہ تب ھي سے وہ میرے ھمجماعت بیمار پڑے
ھین مین انکي عیادت کو بھي نہین جاسکا

**باپ** ۔ لیکن تمنے اپنے مجبوري کا حال مجھپر کیون نہین ظاھر کیا

**بیٹا** ۔ اس خوف سے کہ غیبت ھوگي

---

[51] *Kyâ kahtî hongî*, ‘What will she be saying?’ The “present presumptive.” See Ch. II. 10.

[52] *Sijde men jâtâ*, &c., ‘When I prostrated myself, they kept sitting upon me.’

[53] *Wahân ga'e (se)*, ‘since I went there.’ See Note 43 above.

[54] *Nâ-ahlî*: the sense of this word is here ‘disability.’

**باپ** ـ [55]تمنے اپنے بڑے بھائي کے رودررو کہا ہوتا
**بیٹا** ـ اتني مجال نہ مجھہ مین کبھي تھي نہ اب ھي کیونکہ مین
جانتا ھون کہ [56]مین ھر وقت آپکے پاس رھنے سے رھا جب اکیلا
پائینگے مجھکو ٹھیک بنائینگے
**باپ** ـ تمکو [57]خوف ھي خوف تھا یا تمکو بڑے بھائي نے کبھي
مارا بھي تھا
**بیٹا** ـ اسکي گنتي نہ مین بتا سکتا ھون اور نہ بڑے بھائي جان بتا
سکتے ھین
**باپ** ـ کس بات پر
**بیٹا** ـ مین تو ھمیشہ انکي مارنے کو ناحق بے سبب بے قصور
بے خطا ھي سمجھا
**باپ** ـ تمنے اپني مان سے بھي کبھي تذکرہ نہ کیا
**بیٹا** ـ جو وجہ آپکي خدمت مین عرض کرنے کي مانع تھي
وھي والدہ سے کہنے کو بھي روکتي تھي ـ دوسرے مین دیکھتا تھا کہ
گھر مین نماز روزے کا مطلق چرچا نہین یہہ بھي خیال ھوتا تھا کہ
[58]ایسا نہو کہون اور جس طرح بڑے بھائي جان ناخوش ھوتے ھین اور
لوگ بھي ناراضمند ھون
**باپ** ـ تو یہہ چند مہینے تمہارے نہایت ھي بري طرح گذرے
**بیٹا** ـ کچھہ عرض نہین کرسکتا ایک حضرت بي کي خدمت سے
محروم رھنے کا صدمہ دوسرے اپنے مجبوري کا رنج ـ مین نے لوگون سے

---

[55] *Tum ne apne bare bhâî ke rû-dar-rû kahâ hotâ*, 'You might have told me before your elder brother's face (if you had chosen).' The "past conditional," 3rd Form, with the condition suppressed.

[56] *Main har waqt âp ke pâs rahne se rahâ*, 'I fail to remain with you always.' The boy speaks of past as well as present time, and the Hindûstânî idiom prefers the past tense when there is a choice.

[57] *Khauf-hî-khauf*, 'mere dread' (of his beating you).

[58] *Aisâ naho*: parenthetical, 'May it not be so'; much as *mabâdâ* is used for 'lest.'

سنا تھا کہ [59] سگ باش برادر خرد مباش سو مجھکو هر روز اسکي تصديق هوتي هي اور سب سے بڑھکر تو اس بات کا قلق تھا کہ مين اپنے گھر مين سب چھوتے بڑون کي عادتون کو ناپسند کرتا هون اور اپنے جي مين سوچاکرتا هون کہ جس گھر مين مجھکو رهنا هي اس سے مجھکو وحشت هوتي هي تو مين کهان جاؤنگا اور کيا کرونگا

**باپ** ۔ [60] ليکن اگر اب تمکو حضرت بي کے گھر جانا ملے

**بيتا** ۔ سبحان الله اس سے بڑھکر کوئي خوشي کي بات نهين ليکن جب تک کہ مين سر کے بال نہ منڈالون اور نماز نہ پڑھون مين انکو منھ نهين دکھا سکتا

**باپ** ۔ اور اگر يہ بھي هو

**بيتا** ۔ تو پھر يہ بھي هو کہ همارے گھربھر کي عادتين [61] وهين کي سي هوجائين

**باپ** ۔ بھلا اگر دونون هون

**بيتا** ۔ تو پھر مجھکو اور کچھ درکار نهين

**باپ** ۔ اسمين کچھ شک نهين کہ همارے اس تمام گھر پر ايک بربادي اور تباهي چھارهي هي اور سارا خاندان گناہ اور بيديني کي آفت مين مبتلا هي [62] آوے کا آوا خراب کنبے کا کنبہ گمراہ ۔ تعجب هي کہ اب تک کوئي عذاب الهي همپر نازل نهين هوا حيرت هي کہ قهر خدا همپر کيون نهين توت پڑا اور خدا کا الزام اور تم سب کا

---

of Urdû terseness. The construction is noticed at Ch. II. 104. Here the ellipsis is duplex, and *wahîn kî 'âdaten sî 'âdaten* is the unabbreviated phrase. See also Ch. VIII. 16.

[62] *Âwe kâ âwâ khrâb*, 'the whole kiln is bad.' The expression is proverbial.

[59] The meaning of this Persian proverb is: 'Room for a dog but not for a younger brother.'

[60] *Lekin agar*, &c., 'But what if you receive (permission) to go to her house now?' The expression is both curious and terse.

[61] *Wahîn kî sî* : another example

[63] اُلاھنا تمامتر مجھپر ھي - مين تم لوگون کے جسمون کي پرداخت و پرورش کرتا رھا ليکن تمهاري روحون کو مين نے ھلاك اور تمهاري جانون کو مين نے تلف کيا - کتنے خون ميري گردن پر ھين اور کتنے وبال ميرے سر پر

[64] بحيرتم که سرانجام من چه خواهد بود

سيلم آج تم خوش هو کہ تمهاري آرزو برآئي اور تمهارا مطلب خدا نے پورا کيا شوق سے اپنا سر منداؤ نماز پڑھو اور حضرت بي کي خدمت مين جاؤ آج سے حضرت بي ميري ديني مان اور اسکے نواسے ميرے ديني فرزند هين اور مين خود تمهارے ساتھ چلونگا اور حضرت بي کا شکريہ اداکرونگا کہ انهون نے [65] حسبةً لله تمهارے اور ميرے دونون کے ساتھ سلوك کيا تمهارے ساتھ يہ کہ تمکو نيك صلاح دی اور ميرے ساتھ يہ کہ جو کام ميرے کرنے کا تھا وہ اُنهون نے کيا - آج کے بعد سے انشاءالله تم اس گھر کو حضرت بي کے گھر کي طرح ديکھوگے کوئي [66] تفرقه تم مين اور انکے نواسون مين باقي نرهيگا - سليم تمهاري آج کي گفتگو سنکر ميرا جي بهت هي خوش هوا اور تم مجھکو ساري اولاد مين سب سے زياده عزيز رهوگے تمکو مين دوسرون کے لئے نمونہ اور مثال بناونگا اور انکو جو تم سے بڑے هين تمهاري تقليد پر مجبور کرونگا

---

[63] *Ulâhnâ*, 'reproach,' or, as we should say, 'reproaches.'

[64] A line from Hâfiz: 'I dread to think what my end will be.' *Mujhko hairat hai* is a common expression in Urdû, and occurs frequently in the course of the tale.

[65] *Hisbatan-li'llâh*, 'for the love of God.' See Ch. II. 29.

[66] *Tafriqa*, 'difference.' A verbal noun infinitive of Form II. from root فرق 'to separate.' The regular measure is تَفْرِيق. In تَفْرِقَة the shortening of the vowel in the second syllable is compensated by the affix ة. In verbals of this Form, which are derived from a root of which the third letter is 'weak,' the affix ة is invariable.

## پانچوان باب

ادھر تو نصوح اور سلیم دونون [1]باپ بیٹون مین یہ گفتگو ھورھي تھي اُدھر اتني ھي دیر مین فهمیده اور بڑي بیٹي نعیمہ مین خاصي ایك جھوڑ ھوگئي ـ نعیمہ اس وقت [2]دو برس کي بیاھي ھوتي تھي پانچ مہینے کا پھلونٹي کا لڑکا گود مین تھا ناز و نعمت مین پلي نانی کي [3]چھیتي مان کي لاڈو مزاج کچھ تو [4]قدرتي تیز مان باپ کے لاڈ پیار سے وھي کھاوت ھي ـ [5]کریلا اور نیم چڑھا ـ اور بھي چڑچڑا ھوگیا تھا ـ [6]ساس نندون مین بھلا اس مزاج کي عورت کا کیون گذر

---

[1] *Bâp-beton men*, 'between father and son.' The two singulars combine to form one plural. For another example, see Ch. VIII. 51.

[2] *Do baras kî byâhî hotî thî*, 'She had been two years married.' For the genitives in this and the next clause, see Platts § 325, and the examples given in Pincott's *Hindî Manual*, p. 90. We have a corresponding usage in such expressions as 'a boy of ten,' or 'an infant of days.'

[3] *Chahîtî*, 'darling.' The word is shortened from *châhîtî*, from *châhnâ* 'to love.'

[4] *Qudratî tez*, 'naturally quick-tempered.' The Arabic word *qudrat*, 'power,' is specially applied to God's power as exhibited in the works of *nature*. The verbal *qâdir*, from the same root (قدر), is one of the commonest epithets of God in the Qorân. See p. 30, line 12.

[5] For the proverb, see Ch. II. 62. *Aur bhî chirchirâ ho-gayâ thâ*, '(her temper) had become still more acrid.' Besides being an adjective, *chirchirâ* is the name of a plant of a very pungent flavour. The word is, therefore, peculiarly apposite.

[6] *Sâs-nandon men bhalâ*, &c., 'It may well be asked how a woman of this temper began life with her mother and sisters-in-law.' The idiomatic *bhalâ* pre-

هونے لگا تھا [7]گھونگھٹ کے ساتھ منھ کھلا اور منھ کا کھلنا تھا کہ
سسرال کا آنا جانا بند هوگیا اب چھ چھ مهینے سے مان کے گھر بیٹھي
هوئي تھي مگر [8]رسي جلي پر بل نگیا باوجودیکہ [9]اجڑي هوئي میکے
مین پڑي تھي مزاج مین وهي طنطنہ تھا ـ کنوارپنے مین سوگز کي
زبان تھي [10]کچھ یون هي سا لحاظ بڑي بوڑھیون کا تھا سو بیاهے سے
انکو بھي [11]دهتکار بتائي [12]بیتا جنے پیچھے تو اور بھي کھل کھیلي
مردون تک کا لحاظ اتھادیا

فهمیده نے میان کے روبرو [13]بیتیون کا بیڑا اتھاتے تو اتھالیا تھا لیکن
[14]نعیمہ کے تصور سے بدن پر رونگتے کھڑے هوهوجاتے تھے اور جي هي

---

apart from her husband, or has no husband. *Maikâ* is the maternal home.

[10] *Kuchh yûn hî sâ lihâz.* See Ch. I. 51.

[11] *Dhat-kâr batânâ* is to 'indulge in saying *dhat dhat* to a person,' that is, 'to be extremely contemptuous.' Compare *phit-kâr* (Ch. IX. 55), 'saying *phit phit*,' 'cursing,' 'a curse.' It will be remembered that *phit phit* occurred in the last chapter (see p. 88, line 4).

[12] *Betâ jane pichhe*, &c., 'After a son was born she was more playful than ever.' (Ironical.)

[13] *Betiyân kâ bîrâ uthâte to uthâ-liyâ thâ*, 'in taking up the challenge with respect to her daughters, had indeed taken it up as her own peculiar task.' For the fo[illegible] of the compound, see Ch[illegible] where the student [illegible]ferred to [illegible] migh[illegible] several previo[illegible] for instance, as *pan*[illegible] p. 7, line 7, or to another spec[illegible] good illustration at p. 43, line 9.

[14] *Na'îma ke tasawwur se*, &c., to[illegible]

sumes a knowledge of the chief difficulty in the early days of the life of an Indian bride, viz. the having to live at her husband's home under the surveillance of his female relations. This difficulty is one of the chief points of interest in the *Bride's Mirror*, by the same author.

[7] *Ghûnghat ke sâth*, &c. There is what may be called a *treble entendre* here, for *munh kholnâ*, or *munh kâ khulnâ*, means 'unveiling,' 'opening the mouth,' and 'the use of bad language.' An idea of the meaning is as follows: 'The bride unveiled and showed her face; but she had no sooner opened her mouth than, such was her bad language, all intercourse with her husband's family was at an end.'

[8] *Rassî jalî par bal na-gayâ*, 'A burnt rope retains its twist,' lit. 'The rope is burnt but the twist is not gone.'

[9] The word *ujrî* (see p. 2, line 1), which means 'ruined' or 'deserted,' is the technical [illegible]rm for a woman who lives

جي مين کهتي تهي که ذرا بهي مين اس بهڙون کے چهتے کو
چهيڙون گي تو ميرا سر مونڈکر بهي بس نهين کريگي سو سو منصوبے
ذهن مين باندهتي تهي مگر [15] نعيمه کي شکل نظر پڙي اور سب غلط
هوگئے - مان تو موقع اور محل هي سوچتي رهي نعيمه نے خود هي
ابتدا کي - بڑے سويرے بچه حميده کو ديکر خود هاتهه منهه دهونے
مين مصروف تهي جب حميده نے ديکها که نماز کا وقت نکلا جاتا
هي بچے کو بٹهها نماز پڑهنے لگي - [16] بچه کس اکهل کهري مان کا تها
بٹهانا تها که بلبلا اٹهها آواز سنکر مان دوڑي آئي ديکها که بچه اکيلا
پڑا رورها هي اور حميده کهڑي نماز پڑهه رهي هي دور سے دوڑ پيچهے
سي حميده کے [17] ايسي دوهتڑ ماري که [18] حميده رکوع سے پهلے سجدے
مين جا گري

---

Fallon, followed by Platts, spells *akal-khurâ*, and derives the first member from *akelâ*. The sense of 'eating alone' easily advances to 'disagreeable,' 'jealous,' &c. That the word is opprobrious is clear from the proverb, *akal-khurâ jag se burâ*, quoted by Fallon.

The idiom of the infinitive with *thâ* followed by *kih* was noticed at Ch. I. 105.

*Uthnâ*, as the second member of a compound verb, generally implies *suddenness*. See *bol-uthî*, a few lines below.

[17] *Aisî dû-hattar mârî*, 'gave her such a push with both hands.' The word is used at p. 104, line 8, in the sense of 'self-inflicted blows.'

[18] A reference to Ch. I. 23 will explain the humour of this touch. There are three positions in th

lit. 'at the idea of Na'îma the hairs on her body were constantly standing up.' Observe the idiomatic repetition of *ho* in *ho ho-jâte*, one of the many special conveniences of Hindûstânî for the expression of continuity. The clause may be rendered: 'Every time she thought of Na'îma the hair of her body stood on end.'

[15] *Na'îma kî shakl*, &c., 'Na'îma's form no sooner came in view than all her (plans) were set at naught.' For another example of the *aur* of 'immediateness,' see p. 51, line 14.

[16] *Bachcha kis akhal-khurî mân kâ thâ bithânâ thâ kih bilbilâ uthâ.* The interro[illegible]m of this id[illegible] be i[illegible] [illegible]ce may [illegible]hat could be [illegible]m the child of such [illegible]rew? (Hamîda) had no sooner put it down than it burst out crying.'

اس وقت فهميده كسي ضرورت سے دوسرے قطعے مين گئي تهي پهركر آئي تو ديكها كہ حميده [19] چبوترے پر پاني كا لوٹا لئے هوے سر جهكاے بيٹهي هي اور ناك سے خون كي [20] تللي جاري هي گهبراكر پوچها كہ ابهي تو مين تمكو نماز پڑهتي چهوڑگئي تهي اتني هي دير مين يہ هوا تو كيا هوا ديكهون كهين نكسير تو نهين پهوٹي

حميده بيچاري نے ابهي كچهہ جواب بهي نهين ديا كہ نعيمہ خود بول اٹهي كہ اے بي هوا كيا ذرا كي ذرا لڑكے كو ديكر مين منهہ دهونے چلي گئي اس نكمي سے اتنا نهوسكا كہ ذرا لڑكے كو لئے رهے آخر مين كهين [21] كنوۓ مين گرنے تو نهين چلي گئي تهي لڑكے كو بلكتا هوا لتا نيت باندهہ نماز پڑهنے كهڑي هوگئي مين جو آئي تو ذرا هولے سے كندهے پر هاتهہ ركها تها كہ آپ دهڑام سے گرپڑي [22] كهين تخت كي كيل لگ لگا گئي هوگي

مان - اچها تمنے هولے سے هاتهہ ركها تها كہ نگوڑي لڑكي كے فصد كے برابر خون نكلا [23] كيسے دنيا مين لهو سفيد هوگيے هين

---

second is retained. See Ch. I. 145.

[22] *Kahîn takht kî kîl lag-lagâ gaî hogî*, 'A nail in the *takht* must have hurt her somehow.' For the form of the verb, see Ch. II. 31. The tense is the 'past presumptive.' For instances see Pincott's *Manual*, p. 137.

For *takht*, see Ch. IV. 21. The carpentering of these moveable platforms is very rough.

[23] *Kaise dunyâ men lahû safed ho-gaye hain*, 'How colourless has the world's blood become!' lit. 'bloods.' The expression is proverbial, and describes the *inhumanity* of the proceeding.

legal act of worship—standing, bending, and prostration. The girl was pushed from the first into the third before she could perform the second.

[19] For the position of the *chabûtra*, 'masonry terrace,' see the house-plan in the Appendix.

[20] *Tullalî*, 'a stream' (from a spout). This is one of several words in this tale which are not given in the Dictionaries.

[21] *Kunwe men*: the nasal not being sounded, the word *kunwe* is pronounced *kû'e*; hence the *hamza*. A few lines below we have *kû'en men*, in which the first nasal is omitted, and the

**نعیمه** - [24] لهو سفید نهوگئے هوتے تو کیا یون بهانجے کو روتا هوا چهوڑ دیتي

**مان** - لیکن اسنے بے سبب نهین چهوڑا اسکي نماز چلي جارهي تهي

**نعیمه** - [25] بلا سے صدقے سے نماز کو جانے دیا هوتا - نماز پیاري تهي یا بهانجا

**مان** - لڑکي ڈر خدا کے غضب سے کیا کفر بك رهي هي اس حالت کو تو پهونچ چکي اور پهر بهي تو درست نهوئي

**نعیمه** - خدا نکرے - میري کونسي حالت تمنے بري دیکهي

**مان** - اس سے بدتر حالت اور کیا هوگي که تین برس بیاه کو هوے اور ڈهنگ سے ایك دن اپنے گهر مین رهنا نصیب نهین هوا

**نعیمه** - وه جهنم جلا گهر هي [26] ایسا دیکهکر دیا هو تو کوئي کیا کرے

**مان** - هان بیٹي سچ هي - مین تو تیري ایسي هي دشمن تهي

---

the practice of *balâ'en lenâ*, in which a woman draws her hands over the head of another by way of removing evil influences supposed to be in operation, and then makes a gesture expressive of casting them away. The second has already been noticed at Ch. I. 146. Translate the clause: 'Away with such nonsense! She might have dispensed with prayers; was she to love her prayers best, or her nephew?'

[26] *Aisâ dekhkar diyâ ho*, &c., 'If, seeing it to be such, you gave to c... (in marriage), what was one dubi... 58; II. ...' The tense is the 'past ...,' for which see Ch. I. ...9. For other instances see Pin...ott's *Manual*, p. 136.

[24] *Lahû safed na hoga'e hote*, &c., 'If her blood had not become colourless, would she have left her nephew crying in this way?'

Observe the difference of spelling in *hogaye* in the preceding sentence and *hoga'e* here. The former is the Hindî form and the latter the Urdû. The tense is the 'past conditional,' 3rd Form. It recurs in *jâne diyâ hotâ* in the next line but three. The same tense, used optatively, was noticed at Ch. II. 30.

[25] *Balâ se sadqe se*: these are contemptuous terms, for which there is no equivalent in English. Both are connected with zenâna superstitions. The first refers to

مائین بیٹیون کو اسیواسطے [27] بیاها کرتي هونگي که بیٹیان اجڑي هوئي انکے گهٹنے لگي بیٹهي رهین

**نعیمه** ـ [28] کیا جانین هکو تو آنکهین مینچ کر کوئین مین دهکیل دیا تها سو پڑے ڈبکیان کهارهے هین

**مان** ـ خیر بیٹي الله رکهے تمهارے آگے بهي اولاد هي اب تم سمجه بوجهکر انکي شادي بیاه کرنا

**نعیمه** ـ [29] کرین هي گے نکرینگے تو کیا تمهارے بهروسے بیٹهے رهینگے

**مان** ـ مین کیا کهتي هون که میرے بهروسے بیٹهي رهنا پڑا بهروسا خدا کا

**نعیمه** ـ [30] کیسا خدا بهروسا اپنے دم قدم کا

**مان** ـ یه دوسري دفعه هي که تو خدا کي شان مین بےادبي

---

*so*, therefore, takes its place in the second.

For the tense *khâ-rahe hain*, see Ch. II. 16 and VIII. 14. *Khâte rahte hain*, or *khâyâ-karte hain*, or *khâ-khâ rahte hain*, are nearly equivalent.

[29] *Karen-hî-ge na karenge*, &c., 'Whether I shall arrange them or not arrange them, do you suppose I shall rely on you for advice?' The insertion of *hî* between what is really the aorist and the "particle of futurity," *ge*, points the reference to the last word of her mother's taunt.

[30] *Kaisâ Khudâ bharosâ apne dam qadam kâ*, 'What do you mean by God? My reliance is on my own resources.' *Dam qadam* is a phrase which literally means 'breath and motion.'

[27] *Byâhâ kartî hongî*, 'will be giving in marriage.' For the tense, 'present presumptive,' see Ch. II. 10, 91.

[28] *Kyâ jânen*, &c., 'What do I know about it? As for me, you pushed me blindfold into a well, and I am struggling in the water ever since.' The adoption of the masculine plural by women of position is not unusual. Here it is a subtle indication of the daughter's arrogance.

*Dhakel-diyâ thâ*: the native term for this tense, viz. 'past remote,' is better than the Latin 'pluperfect,' as being less restrictive of the sense. See Platts, § 457.

The usually correlative particle *to* here appears in the first clause;

کرچکي هي [31] اب کے تونے اس طرح کي بات منهه سے نکالي اور
بے تامل مين طمانچہ تيرے منهه پر کهينچ مارونگي

**نعيمه** ـ [32] سچ کهنا بڑي بيچاري مارنےوالين مارو اپني چهيتي
کو مارو اپني لاڈو کو

**مان** ـ کيسي چهيتي کيسي لاڈو [33] قربان کي تهي وه اولاد جو
خدا کو نہ مانے

**نعيمه** ـ يهہ کب سے

**مان** ـ جب سے خدا نے هدايت دي

**نعيمه** ـ چلو خير جب هم بهي تمهاري عمر کو پهونچينگے تو
بهتيرا خدا کا ادب کرلينگے

**مان** ـ آپکو خير سے غيبداني مين بهي دخل هي کہ بارے
ميري عمرتك پهونچنے کا يقين هي

**نعيمه** ـ اب تم ميرے مرنے کي فال نکالو

**مان** ـ نہ کوئي کسيکي فال سے مرتا اور نہ کوئي کسيکي فال سے
جيتا [34] جسکي جتني خدا نے لکهدي

**نعيمه** ـ [35] ورنہ تم مجهکو کاهےکو جينے ديتين

---

[31] *Ab ke (ta'in) tú ne*, &c., 'Look, now, if you say such a thing again, I shall not hesitate to slap your face.' Observe the preferential use of the past tense in the first clause and the idiomatic use of *aur*. See Note 15 above.

[32] *Sach kahná barí bechárí márne-wálín*, 'Really! a fine poor creature you to slap my face!' The dramatic terseness of this dialogue throughout defies literal translation.

[33] *Qorbân kí thí woh aulád jo Khudá ko na máne*, 'I have done with children who do not acknowledge God.' *Qorbán* is synonymous with *sadqa*, in the sense of the bestowal of worthless things in alms. Ch. I. 146.

[34] *Jiskí jitní Khudá ne likhdí*, 'A man's life is what God has written it (in the book of fate).' For this form of sentence, consult Platts, § 388.

[35] *Warna tum mujhko káhe-ko jíne detín?* 'else you would never have let me live.' An assertion in the interrogative form, which is a mode of speech common among Orientals. The every-day phrase, *aur kyá?* 'of course,' is an example. See also p. 68, line 15.

**مان** ـ [36] اتنا هي اختيار رکهتي هوتي تو تجهکو آدمي هي نه بناليتي

**نعيمه** ـ [37] نوج کيا مين حيوان هون

**مان** ـ جو خدا کو نهين جانتا وه حيوانون سے بدتر هي

**نعيمه** ـ اب تو ايك حميده تمهارے نزديك انسان هي باقي سب گدهے هين

**مان** ـ حميده کا تجهکو کيا جلاپا پڑگيا [38] تو اسکي جوتي کي برابري تو کرلے

**نعيمه** ـ خدا کي شان يه اٹهك بيٹهك کرلينے سے حميده کو ايسے بهاگ لگ گئے

فهميده دو مرتبه بيٹي کو منع کر هي چکي تهي اور سمجهاديا تها که اگر پهر دين کي باتون مين بےادبانه کلام کريگي تو مين بےتامل منه پر طمانچه کهينچ مارونگي اس مرتبه جو نعيمه نے نماز کو اٹهك بيٹهك کها تو حرارت ديذاري نے فهميده کو بےاختيار کرديا اور

with a power and being in possession of it at some stated period, less or more remote, which would have been the sense of the passage if the other forms of the tense had been employed. For other examples, see Pincott's *Manual*, p. 133.

[37] *Nauj*: a zenâna abbreviation of *na hûjiye*, 'May it not be so!' 'God forbid!' I know of no authority for the derivation suggested by Platts. See Ch. VI. 65.

[38] *Tû uskî jûtî kî barâbarî to kar-le*: an exceedingly contemptuous expression, which implies that she was not worth the dirt under her sister's feet.

[36] *Itnâ hî ikhtiyâr rakhtî hotî*, &c., 'Had I been endowed with so much authority as that, I would not have made you a human being at all.' This is the first example of a tense which Platts calls the "past perfect continuous (subjunctive)," and Kellogg the "negative contingent imperfect." I object to these terms as cumbrous (see Ch. II. 30). The tense is a form of the 'past conditional,' and is less common than the other two forms, *rakhtâ* and *rakhâ hotâ*, because the refinement of speech which its use implies is not a common qualification. There is a great difference between being endowed

اسنے واقع میں جیسا کہا تھا نعیمہ کے منہہ پر ایک طمانچہ ایسے زور
سے مارا کہ [39] منہہ هي تو پھرگیا ـ طمانچے کا لگنا تھا کہ نعیمہ نے
ایک آفت توڑماري سب سے پہلے تو اسنے [40] دے دھوان دھون
دے دھوان دھون اپنے بے زبان معصوم بچے کو پیٹ ڈالا اگر لوگ اسکي
گود سے بچے کو نہ چھین لین تو وہ لڑکے کا خون هي کرچکي تھي ـ اسکے
بعد تو [41] اسنے عجب عجب فیل مچائے [42] گھنٹون تک تو پٹخنیان
کھایاکي کپڑون کا ایک تار باقي نرکھا نہین معلوم اسکا سر تھا یا
لوھے کا گولہ تھا کہ هزارون تو دوھتھڑین اسپر پڑین ـ آدھے سے
زیادہ بال کھسوٹ ڈالے سیکڑون ٹکّرین دیوارون مین مارین حیرت
هي کہ وہ سر بچا تو کیونکر بچا اسکے پاکھنڈ دیکھکر سارا گھر تھرّا اٹھا
اور لوگ ڈرنے لگے کہ ایسا نہو تھانے والے غل سنکر اندر گھس آئین
بارے بمشکل [43] پکڑپکڑاکر کوٹھري کے اندر ڈھکیل اوپر سے کُنڈي
لگادي

نیچے گھر مین اتنا غل هوا مگر بالاخانہ کچھہ ایسا الگ سا تھا کہ
نصوح کو مطلق خبر نہین هوئي جب سلیم باپ سے باتین کرکے نیچے
اترآیا تو فہمیدہ اوپر گئي اس وقت تک غیظ و غضب اور رنج و
تعب کے آثار اسکے چہرے سے نمودار تھے دور هي سے نصوح نے
پوچھا [44] خیریت تو هي

---

[39] *Munh hî to phir-gayâ*, 'her face was paralysed' (with the force of the blow).

[40] *De dhuwân dhûn*: this corresponds closely with our expression, 'Bang! bang!'

[41] *Usne 'ajab 'ajab fel machâ'e*, 'she made an extraordinary fuss.' *Fel* is a corruption of the Arabic *fi'l*, 'act,' and is generally used in this connection to denote a pretended clamour. The use of the word *pâkhand* below conveys the same sense.

[42] *Ghanton tak to patakhniyân khâyâ-kî*, 'She kept dashing herself upon the ground for hours.' For the intransitive compound *khâyâ-kî*, consult Ch. I. 42.

[43] *Pakar-pakrâkar*: another instance of the union of the simple and causal verb, of which the significance was noticed at Ch. I. 95.

[44] *Khairîyat to hai*, 'Is all

**فہمیدہ** ـ اللہ تعالي خيريت هي رکهے ـ کيون تمنے کيا سمجهکر پوچها

**نصوح** ـ تمهارے چهرے پر [45]هوائيان أڑرهي هين هونٹهہ خشك هورهے هين سر سے پاؤن تك کهڑي کانپ رهي هو آخر يہہ سب باتين بے سبب تو نهين هين

فہميدہ نے نعيمہ کي اور اپني تمام سرگذشت بيان کي ـ نصوح يہہ ماجرا سنکر دم بخود هوگيا آدهے گهنٹے کے قريب دونون مياں بي بي چپ سنّاٹے مين بيٹهے رهگئے آخر فہميدہ نے کها پهر اب کيا صلاح

**نصوح** ـ صلاح يهي هي کہ [46]جو هوني هو سو هو اب نرمي اور لينت نهين کرني چاهئے ـ [47]معاذاللہ ايسا برا عقيدہ بهلا کوئي کهسکتا هي کہ يہہ کسي اهل اسلام کے خاندان کي لڑکي هی معلوم هوتا هي کہ خدا اسکے نزديك کوئي چيز هي نهين مجهکو تو اسکے ساتهہ کهانا حرام هي بڑي خيريت گذري کہ مين وهان موجود نتها ورنہ ميرے روبرو ايسا کلمہ اسکے منهہ سے [48]نکلا هوتا تو شايد مين تلوار کهينچ مارتا ايسي اولاد کے هونے سے نهونا اچها بهتر هوگا کہ ابهي پالکي منگا اسکو اسکي سسرال پهونچادو

**فہمیدہ** ـ بهلا کيسي باتين کهتے هو بےطلب بے تقريب

well?' the tone of the question implying the expectation of bad news. 'God grant it may be!' is the wife's rejoinder.

[45] *Hawâ'iyân ur-rahî hain*, 'rockets keep rising.' This common and curious expression is descriptive of changes of colour in the face of a person suffering from agitation.

[46] *Jo honî ho so ho*, 'we must do what we can.' Compare with this the word *an-honî* at Ch. II. 95.

[47] *Ma'âza-llâh*: the last two words of the phrase, *Qul a'ûzu ma'âza-llâh*, 'Say, I take refuge in God,' which is the opening clause of the 113th and 114th *sûras* of the Qorân. See Ch. IV. 45.

[48] *Niklâ hotâ . . . khench-martâ.* See Note 36 above, where an answer to the question, What is the difference between these two forms of the 'past conditional'? is implied.

بهيجدين تو ايك تو پهلے هي سے اسنے اپني عزت كو خاك مين ملا
ركها هي [49] رهي سهي اور بهي غارت هو - مجهكو كيا خبر تهي ورنه
تمهاري عيادت كي تقريب سے عورت مرد سارا سمدهيانه آيا تها
اور اسكے ليجانے كے لئے منّتين كرتے تهے

**نصوح** - جو كم بخت عورت خدا كي عزت و حرمت نه ركهے وه
دنيا مين هر طرح كي بيعزتي اور بيحرمتي كي سزاوار هي جب
اسكو خدا كا پاسِ ادب نهين مجهكو هرگز اسكا پاسِ محبت
نهين

**فهميده** - مين كهتي هون شايد اب بهي يه درست هوجائے

**نصوح** - [50] توبه توبه اسكے دل مين مطلق نورِ ايمان نهين وه سرے
سے خدا هي كي قائل نهين پهر كيا درستي كي اميد

**فهميده** - سسرال بهيجدينا تو ٹهيك نهين

**نصوح** - پهر مجهسے كيا صلاح پوچهتي هو جو تمهارے جي مين
آئے سو كرو ليكن يه ممكن نهين كه اسكے خيالات ايسے هون اور مين
اسكو اپنے گهر مين رهنے دون اور وه رزق جو همكو خدا تعالي اپني
مهرباني اور عنايت سے ديتا هي وه شخص اسمين كيون شريك هو
جو خدا هي كو نهين مانتا

**فهميده** - ليكن خدا تعالي اپنا رزق كسي سے دريغ نهين ركهتا
برے بهلے سب اسكے يهان سے روزي پاتے هين

**نصوح** - مين اسكے رزق كا انسداد نهين كرتا ليكن مين اپنے رزق
مين منكرِ خدا كو شريك نهين كرنا چاهتا

---

[49] *Rahî sahî aur bhî gârat ho,* 'what remained (of her *'izzat*) may be still further injured.' Comp. *Bag-o-Bahâr* (p. 34): *rahtâ sahtâ hosh jo thâ woh bhî gum hûâ,* 'even such intelligence as they had left, was lost.' In these passages *sahî* is intensive. For another example, see Ch. VII. 62.

[50] *Tauba tauba*: see Ch. III. 4. The sense here is rather our 'Pooh! pooh!' or 'Nonsense!'

**فہمیدہ** ـ [51]ایسي سختي سے گھر مین کوئي کاهیکو رهنے لگا

**نصوح** ـ مین اس گھر کي فکر مین هون جهان مجھکو همیشه رهنا هي ـ دینا کا گھر چندروزه گھر هي [52]آج اجڑا تو اور کل اجڑا تو ایك نه ایك دن اجڑیگا ضرور ـ کیا میرے آبادکرنے سے آباد ره سکتا هي

**فہمیدہ** ـ هان لیکن [53]ایك مرے پیچھے اجڑنا اور ایك جیتے جي اجڑنا ان دونون مین بڑا فرق هي

**نصوح** ـ لیکن تم [54]دل کي ایسي کچّي تهین [55]تو تمنے هامي کیون بهري اور تمهارا یه حال هي تو واقع مین خاندان کي اصلاح هو نهین سکتي ۔

**فہمیدہ** ـ کیا اولاد کیواسطے جي نهین کُڑهتا ـ مین نے انکو اسي دن کیواسطے پالا تها که یه بڑے هوکر مجھسے چھوٹ جائین بے شك مجھسے تو اتنا صبر نهین هوسکتا

**نصوح** ـ مین نهین کهتا که تمهارا جي نهین کڑهتا اور نه مین

---

[51] *Aisî sakhtî se*, &c., 'Under such harsh treatment as this no one cared to stay in the house.' An assertion in the interrogative form (as at Note 35), in which the use of the past tense expresses the certainty that no one would stay. See Ch. VIII. 21 for a very similar sentence. *Lagnâ* here is less inceptive than *conceptive*, as at p. 110, line 16.

[52] Read, *âj ujrâ to, aur kal ujrâ to, ek na ek din ujregâ zarûr*, and translate: 'No matter whether ruined to-day or ruined yesterday, some day it must be ruined indeed.' See Ch. II. 44.

[53] *Ek mare pîchhe ujarnâ aur ek jîte jî ujarnâ*, 'It is one thing to be ruined after death, and another thing to be ruined while alive.' The same usage occurs a few lines below.

[54] *Dil kî kachchî*, 'irresolute.' See Ch. I. 37.

[55] *To tumne hâmî kyûn bharî*, 'Then why did you agree with me?' The *to* indicates a suppression of *jo* or *agar* in the preceding clause. The phrase *hâmî bharnâ* was misunderstood by Forbes and Eastwick in their editions of the old text-books. Both suppose the Arabic حامی to be the word intended. Fallon was the first to correct the error, and to point out that هامی is a form of assent connected with هان. See Ch. IX. 14 for another example.

يه كهتا هون كه مجهكو تمهاري برابر انكي محبت هي ليكن مين نے يه بهي تو نهين كها كه تم انكو چهوڑدو

**فهميده** - كيون ابهي تمنے نعيمه كو سسرال بهيجدينے كے لئے نهين كها

**نصوح** - كيا نعيمه كبهي سسرال نهين گئي اور سسرال بهيجدينا اور چهوڑدينا ايك هي بات هي

**فهميده** - ليكن ايك هنسي خوشي جانا جس طرح دنيا جهان كي بيٹيان ميكے سے جاياكرتي هين اور ايك لڑكر جانا اور لڑائي بهي ايسي لڑائي كه عمر بهر ايسي نهين هوئي - مجهكو ياد نهين كه مين نے نعيمه كو كبهي هاتهه بهي لگايا هو جواب اس سے زياده سخت اسنے دئے مگر جب وه جواب ديتي تهي مين هنس دياكرتي تهي اس مرتبه نهين معلوم مين كچهه ايسي آپے سے باهر هوگئي كه تهپڑ كهينچ مارا اتنا بهي مجهكو خيال نه رها كه يهه بياهي هوئي هي صاحب اولاد هي

**نصوح** - اگر تمنے اسكو تهپڑ نه [56] مارا هوتا تو مين تمسے پوچهتا كه تم كيسي ديندار تهين كه ايك شخص نے جسكے دفع كرنے پر تمكو قدرت حاصل تهي تمهارے منهه پر خدا كي شان مين بےادبي كي استخفاف و استهزا كے ساتهه اسكا نام پاك ليا اور مطلق تمكو برا نه لگا

**فهميده** - [57] برا نه لگتا تو مين مارتي هي كيون

**نصوح** - بيشك تمنے مارا تو بهت بجا كيا ليكن اب اسپر افسوس كرنا اپنے تئين ملزم بنانا هي

---

[56] *Mârâ hotâ . . . pûchhtâ* : a parallel illustration of the usage of these two forms of the 'past conditional' was noticed at Note 48 above.

[57] *Burâ na lagtâ to main martî hî kyûn*, 'Had I not taken it ill, why should I have *struck* her?' The italics represent the effect of the particle *hî*.

فهميده ـ ليکن لڑکي جو هاتهه سے جاتي هي

نصوح ـ يهه حالت تمهارے لئے ايک امتحان کي حالت هي ايمان اور اولاد دو چيزين هين اور سخت افسوس کي بات هي کہ ان دونون کا اکٹها هونا ممکن نهين معلوم هوتا اسواسطے کہ هماري اولاد دين کي عدو اور ايمان کي دشمن هي ـ اگر اولاد کا موه کرين تو دين و ايمان هاتهه سے جاتا هي اور اگر ايمان کا حفظ کرين تو اولاد چهوٹتي هي ـ پس تمکو اختيار هي دونون مين سے جسکو چاهو لو

فهميده ـ مين ايمان لونگي مين ايمان لونگي جو عاقبت مين ميرے کام آئيگا

نصوح ـ [58]جزاك الله ـ صد آفرين هي تمهاري فهم پر بيشك ايمان بڑي چيز هي

فهميده ـ رهي اولاد کيا کرون چهاتي پر پتهر رکهونگي مجهکو کيا خبر تهي کہ اس پيٹ کم بخت کو يون آگ لگےگي اور اس ناشاد کوکهہ مين ايسے کيڑے پڑينگے

فهميده يهه کهکر بڑے درد و حسرت کے ساتهہ روئي کہ اسکو ديکهکر نصوح بهي بيقرار هوگيا تهوڑي دير کے بعد نصوح بولا کہ دل کو مضبوط رکهو اور اللهکو ياد کرو جب تمهاري نيت بخير هي تو سب انشاءالله بهتر هوگا وه بڑا قادر هي [59]چاهے تو دم کے دم مين هماري ساري اولاد کو ولي کردے ـ دعا کرو کہ الله انکو نيک راه دکهائے

فهميده ـ [60]روان روان دعا کررها هي الله هي قبول کرے اور [61]اسي سے لو لگي هي

nected with the idea conveyed by the common phrase *badan par rûngte khare hone*, which has already occurred in this chapter, and, in a slightly different form, in Ch. III.

[61] *Usî se lau laqî hai*, 'I am always repeating this same prayer.'

[58] *Jazâka'llâh*, 'God reward thee.'

[59] *Châhe*, &c., 'If He pleases, He can make saints of our whole offspring at once.'

[60] *Rû'ân, rû'ân*, &c.: 'Every hair of my body is praying.' This emotional expression is con-

**نصوح** - بھلا نعیمہ کوٹھري کے اندر کیا کررھي تھي

**فهمیده** - رو رھي تھي اور کیا کررھي تھي - مین چلتے ھوے کہتي آئي تھي کہ کواڑ کھولکر اسکو[62] پاني واني پلادینا

**نصوح** - اور کھانا

**فهمیده** - کیا خوب[63] نہ ابھي دو دن نہ چار دن ابھي سے کھانا

**نصوح** - یہہ تو بڑي خرابي کي بات ھي

**فهمیده** - اور کیا[64] بڑا رونا تو کھانے ھي کا ھي وہ مجھسے چاھے مہینون نہ بولتي مگر کھانا کھالیتي تو کچھہ اندیشے کي بات نہ تھي

**نصوح** - کھانا کھلانے کي تدبیر ضرور کرني چاھئے مین جاکر کہون

**فهمیده** - نہ جدا کے لئے تم اترنا ھي مت

**نصوح** - مین آھستگي سے سمجھادونگا

**فهمیده** - مردون کي آھستگي کا کچھہ اعتبار نہین اور پھر تمھاري آھستگي کہ ابھي باتون ھي باتون مین تم تلوار کھینچنے لگے تھے

**نصوح** - مین تمسے وعدہ کرتا ھون کہ کسي طرح کي سختي نہین کرونگا

**فهمیده** - [65] پھر بھي کیا ھوا - تمھارا دخل دینا مناسب نہین آخر ایك آدمي گھر مین ایسا بھي ھونا چاھئے کہ چھوٹے بڑے سب اسکا لحاظ کرین اور فرض کیا کہ تم گئے اور رنج اسکا تازہ ھي اسنے نہ مانا تو پھر بڑي دشواري پڑے گي اور اسکو یہہ شرم دامنگیر ھوگي کہ

---

62 *Pânî-wânî* : see Ch. I. 9.

63 *Na abhî do din*, &c., 'She [illegible]won't touch food for two days, or [illegible] twice that time, either.'

64 *Barâ ronâ to khâne hî k[illegible] hai*, 'her not taking food is the gre[illegible] trouble.'

65 *Phir bhî kyâ húâ*, 'And what then?'

دیکھو[66] باپ تك مجھكو سمجھاكر هارگئے اور مین نے کسیکا کهنا نه مانا اب جو من جاؤنگي تو باپ جي مين كيا كهينگے

نصوح ـ اچھا تو ایك تدبیر كرو اسكي سهيليون مين سے كوئي سمجهدار هي اسكو بلابهيجو وه سمجھاجھاكر راضي كرليگي

فهميده ـ هان يه ايك معقول تدبير هي مين اپني بهانجي صالحه كو بلاتي هون دونون هم عمر هين اور دونون كي ملي بهگت بهي هي

نصوح ـ [67] بس تمهارے انتخاب پر ميرا صاد هي تمهاري بهن كے گهر نماز روزے كا بهي خوب چرچا رهاكرتا هي جمعے كے جمعے وعظ هوتا هي صالحه كے خيالات ضرور ديندارانه خيالات هونگے

فهميده ـ الله اكبر انكے گهر كي دينداري [68] ضرب المثل هي هماري بهن الله ركھے اتني بڑي [69] نمازن هين كه انهون نے اپنے هوش مين تو كسي وقت كي نماز قضا كي نهين ـ اتنا تو بال بچون كا بكهيڑا انكے ساتھ هي اور خدا كي مرضي گهر مين سدا تنگي رهتي هي سب كام كاج بيچاري كو اپنے هي هاتھون سے كرنا پڑتا هي ليكن پنج وقتي نماز اور [70] فمي بشوق كي منزل كيا امكان كه قضا هو

---

66 *Bâp tak mujhko samjhâ-kar hâr-ga'e,* 'Even my father was worsted in his attempt to bring me to reason.' See Ch. I. 14; also Ch. II. 43.

67 *Bas tumhâre intikhâb par merâ sâd hai,* 'Enough; your selection has my approval.' The letter ص, for صحيح, 'correct,' is commonly used as a mark of 'verification' or 'approval' by auditors of accounts or examiners. The phrase recurs at Ch. VII. 80: *Main unke hâth ke sâd ki'e hû'e dikhâ-saktâ hûn,* 'I can show (odes) with *sâd* upon them in his hand-writing.'

68 *Zarbu-l-masal,* 'proverbial.'

69 *Namâzan*: a zenâna word for 'a pious woman.'

70 *Famî bishauqin kî manzil.* There are seven consonants in فمي بشوق, each of which, taken in order, is the initial letter of the title of that *Sûra* of the Qoran, which introduces each of the seven stages (*manzil*) into which it is divided for a week's perusal. These titles are *Fâtiha, Mâida, Yûnas, Beni Isrâîl, Shu-'arâ, Wassâfât,* and *Qâf.* Hence the expression in the text signifies a seventh portion of the Qoran, the daily 'lesson' (*wird-wazîfa*) of the devout.

For *qazâ ho,* see Ch. I. 36.

**نصوح** ـ سبحان الله وهي لوگ بڑے خوش قسمت هین دنیا کے فقیر دین کے امیر

**فهمیده** ـ اور لطف یهه کہ هر وقت هشاش بشاش کبهي عسرت کي شکایت یا تنگدستي کا گلہ کرتے همنے تو انکو سنا نهین اور چهوٹے بڑے سب مستغني اور سیرچشم ـ همکو اتنا تو خدا نے دے رکها هي لیکن مین سچ کهتي هون کهین شادي بیاه مین کسي بیوي کو اپنے سے بهتر زیور یا کپڑا پهنے دیکهتي هون تو ضرور میرا جي کُڑهتا هي اور بچون کا بهي یهي حال هي کوئي چیز کسي کے پاس ذرا دیکه پائین جب تک ویسي هي موجود نهوجائے میري جان کها جائین ـ لیکن هماري بهن کے دل مین کبهي ایسا خیال هي نهین آیا اگر مجهپر انکو حسد هوتا تو موقع تها لیکن میرے اور میرے بچون کے زیور اور کپڑے دیکهکر باغ باغ هوجاتي هین اور هر چیز پر کهے جاتي هین [71]ماشاء الله چشم بد دور الله زیاده دے الله نصیب کرے ـ [72]بچے هین کہ دنیا کي نعمت انکے سامنے رکهدو آنکه اٹهاکر بهي تو نهین دیکهتے

**نصوح** ـ سچ هي [73]اَلغَنيُّ غِنَي النَّفْسِ ـ توانگري بدل ست نہ بمال ـ دنیا کے مال و حشمت کي انکي نظرون مین وقعت هي نهین تو پهر حسد کیون کرین

**فهمیده** ـ اور مجهسے اور میرے بچون سے اس قدر محبت کرتي هین کہ [74]ڈولي سے اترتي هین تو [75]اوپرتلے بلائین لئے چلي جاتي هین

---

[71] *Mâ shâ'a-llâh* : the 'Mashallah!' of Eastern tales, meaning lit., 'what God wills,' an interjection of gratified astonishment. *Chashm-i-bad dûr*, 'may the evil eye be averted!'

[72] *Bachche hain*: for this idiom see Ch. II. 9.

[73] *Al-ganîyyu gina-n-nafsî*, 'The (really) rich is the rich in heart.' *Tawângarî ba-dilast na ba-mâl*, 'Wealth is in the heart, not in riches.' *Gulistân*, i. 5.

[74] *Dûlî se utartî hain*, 'When she gets out of her dooli (on a visit to us).'

[75] *Upar tale*, &c., 'She performs the ceremony of *balâ-en lenâ* over each of us in succession.' See Note 25 above.

**نصوح** ـ انکي يهہ محبت و همدردي خداپرستي کي وجہ سے هي اور [76]کچهہ تمهاري تخصيص نهين سب کے ساتهہ انکي يهي کيفيت هوگي

**فهميدہ** ـ بچونکو کچهہ ايسا سدها رکها هي کہ کبهي آپسمين لڑتے هي نهين ـ [77]ايک همارے بچے هين کہ ايک دم کو ايک کي ايک سے نهين بنتي

**نصوح** ـ يهہ انکي تعليم و تلقين کا نتيجہ اور [78]انکے اپنے عمدہ نمونے کا اثر هي مگر تم انکو اکثر مهمان بلاکر اپنے يهان رکهاکرو کہ همارے گهر پر بهي انکا پرتو پڑے

**فهميدہ** ـ هماري بهن [79]غيرتمند بڑي هين مين نے کئي بار انسے کها تو يهي جواب ديا کہ ميرے ساتهہ بکهيڑا بهت هي تمهاري سسرال والے نهين معلوم دل مين کيا سمجهين کيا کهين اس سے ميرا آنا نهين هوسکتا خدا کرے کہ تم بيٹے بيٹيون کي شاديان کرو بياہ کرو تو ديکهو بے بلائے پهونچتي هون يا نهين

**نصوح** ـ [80]کوئي ايسا سامان نهين هوسکتا کہ انکو فکرمعاش سے فارغ البالي هو

---

[76] *Kuchh tumhârî takhsîs nahîn*, 'is not especially on your account.' Observe the etymological connection of *takhsîs* with *khâss*.

[77] *Ek hamâre bachche hain kih ek dam ko ek kî ek se* (*bât*) *nahîn bantî*, 'Only see our children; they don't agree a single instant about a single thing.'

[78] *Unke apne*: an unusual collocation. As compared with *unkî* in the preceding clause, the point is that the good example which the children enjoyed was specially *their own*, with tacit reference to the maxim that 'example is better than precept.' See Ch. XIII. 31.

[79] *Gairatmand barî*, 'a woman of very honourable feeling.' See *be-gairatî*, in p. 71, last line.

The sister's idea was that her brother-in-law, Nasûh, would suspect her of interested motives in coming to the house except upon occasions of domestic rejoicing, when she would be a guest as a matter of course.

[80] *Koî aisâ sâmân*, &c. 'Cannot something be done to relieve her of the anxiety of making both ends meet?'

فہمیدہ ـ [81]وہ ہمارے بہنوئي صاحب کچھہ اسکي پيروي ہي نہين کرتے انکا يہہ مقولہ ہي کہ جتنا ہمکو اب ملتا ہي بس دنيا مين زندگي بسرکرنے کے لئے کافي ہي

نصوح ـ [82]گھر مين تکليف رہاکرتي ہوگي

فہمیدہ ـ تکليف تو ہوني ہي چاہئے بيس روپيہ مہينے کي نوکري اور ہمارے بہنوئي کي سي احتياط اللہ رکھے اتنا بڑا کنبہ مگر جيسا مين نے تمسے کہا جب سنا انکو شکرگزاري ہي کرتے سنا اور کچھہ خدا نے برکت بھي ايسي ہي دي ہي کپڑالتا گہناپاتا سامان ظاہر حيثيت کے موافق کچھہ برا نہين کسيکے قرضدار نہين نيوتہ بيوہار کے ايسے کھرے کہ اگر کسي نے انکے گھر ايک روپيہ [83]ديا ہوگا تو انہون نے دو ضرور دئے ہونگے غرض کبنے اور برادري مين بھي کسي سے شرمندہ نہين

نصوح ـ بڑي ہي اچھي زندگي ہي

فہمیدہ ـ اسمين شک نہين کيسي ہي مصيبت ہو مين نے

---

[81] *Woh hamâre bahno'î sâhib*, &c. 'My brother-in-law yonder is not anxious on this point.'

[82] *Ghar men taklîf rahâ-kartî hogî*, 'Want must be constantly felt in the family'; to which Fahmîda replies, 'Indeed it ought to be.'

The tense here is the 'present presumptive' of the intransitive compound verb *rahâ-karnâ*.

[83] *Diyâ hogâ . . . di'e honge.* I take this opportunity of observing that the participles *diyâ* and *liyâ* are not "irregular." They are formed in the same way precisely as *piyâ* from *pînâ*. The long vowel *â* is added to the root in both cases, and the preceding *î* or *e* is split up into its component parts, viz. the vowel *zer* and the consonant *ya*, so that the insertion of a euphonic *ya* (as in *khâyâ*) is unnecessary. In the inflected forms *piye*, *diye*, and *liye*, *hamza* may take the place of *ya*, the subscript dots being suppressed *more Arabico*: hence the forms پئے, دئے, and لئے which are clumsily written in Hindî पिये दिये and लिये. The feminine forms *pî*, *dî*, and *lî* are contractions of *piyî*, *diyî*, and *liyî*.

Nor is the participle *hû'â* really irregular. There is merely a euphonic change of *ho* into *hû*, and though the *ya* is not written in Hindî, *hamza* may be held to represent it in the Urdû form.

انکو[84] مضطر اور بیقرار نہین دیکھا ہر بات مین اللہ پر توکّل خدا پر بھروسا

**نصوح** - مجھکو حیرت ہي کہ تم دونون سگي بہن اور عادتون مین اتنا تفاوت

**فہمیدہ** - [85] مان کے گھر تک تو میرا بھي یہي حال تھا انھون نے ہم دونون کو یکسان سکھایا برابر پڑھایا [86] مگر برا مت ماننا مین تمھارے پلّے بندھي تمھارے گھر مین آکر جو دیکھا تو دین کا کچھہ تذکرہ نپایا رفتہ رفتہ نماز وغیرہ کي سب عادتین چھوٹ گئین ہماري مان اللہ جنت نصیب کرے بڑي ہي دیندار تھین - جب دلھن کو رخصت کرتے ہین تو دستور ہي کہ بیٹي کي مان بیٹے کي مان سے کہاکرتي ہي کہ مین تمھاري خدمت کو یہہ لونڈي دیتي ہون ہماري مان نے مجھکو اب‌تک یاد ہي رخصت کرتے وقت [87] امّا جان سے یہہ کہا تھا کہ دیکھو بوا میري لڑکي نے آج تک نماز قضا نہین کي اب مین اسکو تمھارے سپرد کرتي ہون اتنا خیال رکھنا کہ اسکي نماز قضا نہو ورنہ مین [88] بريّ الذمہ ہون اسکا وبال اسپر ہوگا یا تمھاري گردن پر - جب مین نئي نئي بیاہ کرآئي تو شرم کے مارے اٹھتي مین نہ تھي چلتي پھرتي مین نہ تھي تمام کنبے کي عورتین ایک دم کو مجھسے الگ نہوتي تھین کہ مین تنہائي پاکر [89] دو رکعت نماز

---

[84] *Muztarr*, 'distressed.' This is the *ism-i-maf'ul* or, as we call it, the past participle, of the surd verb صرّ in the derived Form VIII., of which the characteristic is a vocalized ت inserted after the first radical; ط taking the place of ت in juxtaposition with the "hard" consonant ض.

[85] *Mân ke ghar tak*, 'As long as I remained in my mother's home.'

[86] *Magar burâ mat mânnâ*, &c., 'But (don't take it ill) I was tied to your skirts.' See Ch. I. 153.

[87] *Ammâ jân* here means her husband's mother and not her own.

[88] *Barîyu-z-zimma*, 'freed from responsibility.' The verbal *barîy* (root برأ) has already occurred at p. 43, line 12 in this same sense.

[89] *Do rak'at-i-namâz*; an expression which is equivalent to

پڑھ لیتي اور باوجودیکہ میري مان نے چلتے چلتے اما جان سے کہدیا تھا مگر اونھون نے بھي کچھ خیال نکیا ـ بس اسي دن سے [90] میري نماز جاني شروع ھوئي دو چار دن دل کو افسوس رھا ھوتے ھوتے عادت چھوٹ گئي اور ایسي شامت کي مار آئي کہ پھر مجھکو نماز نہ پڑھنے کا رنج بھي نہین ھوتا تھا ـ غرض دنیا کي چندروزہ شرم نے مجھکو پکي بیدین بنادیا اور میري وھي کہاوت ھوئي کہ [91] جسنے کي شرم اسکے پھوٹے کرم ـ لیکن چونکہ نماز کي خوبي بچپن سے ذھن مین بیٹھ چکي تھي اب بھي اتنا تھا کہ جس دن [92] سر دھویا دو چار وقت کي نماز ضرور پڑھ لیا کرتي تھي یا کوئي بال بچہ بیمار ھوا تو نماز پڑھنے لگي خدا نے اس تردد کو دفع کردیا پھر چھوڑدي اب البتہ مین نے مصمم عہد کرلیا ھي کہ برابر نماز پڑھونگي خدا میرے قول کو پورا کرے

**نصوح** ـ [93] آمین ثم آمین

اسکے بعد فہمیدہ نے نیچے اتر فوراً صالحہ کیواسطے ڈولي بھیجي اور لونڈیون سے کہدیا کہ کہار سواري لیکر آئین تو چپکے سے پہلے مجھکو خبر کردینا

---

the *dugûna-i-farz*, which was explained at Ch. I. 23. Two is the least number of *rak'at* which can be practised as a legal act of devotion.

[90] *Merî namâz jânî shurû' hûî*, 'My prayer-going began,' that is, not my going to prayer, but the cessation of my prayers. This is an apt illustration of the genitival or adjectival sense of the verbal in this connection. See Ch. III. 20. There is no such thing as 'going to prayer' in the native idiom. The phrase is *namâz parhnî*; see p. 72, line 3.

[91] The proverb may be rendered, 'He who has cause for shame ill-luck doth blame.'

[92] *Sir dhoyâ*. This refers to ceremonial ablution at prescribed periods.

[93] *Âmîn thum âmîn*: lit. 'Amen then Amen'; an Arabic formula which corresponds to our "Amen and Amen."

# چهتوان باب

نصوح نے نماز عصر سے فارغ هوکر منجهلے بیتے علیم کو پُچهوایا کہ دیکهو مدرسے سے آئے یا نهین معلوم هوا کہ ابهي آئے هین اور کپڑے اتارتے هیں تو کهلابهیجا کہ اپني ضرورتون سے فارغ هوکر ذرا کي ذرا میرے پاس هوجائین ـ تهوڑي دیر مین علیم مدرسے کا لباس اتار کتابین تهکانے سے رکهه باپ کي خدمت مین جا حاضر هوا دیکهتے هي باپ نے کها آؤ صاحب آج کل تو مین نے سنا هي [1] تمکو بهت هي محنت کرنے پڑتي هي

بیتا ـ [2] امتحان ششماهي قریب هي اسي کیواسطے کچهه طیّاري کررها هون دن تهوڑے سے رهگئے اور کتابین دیکهنے کو بهت باقي هین هرچند اراده کرتا هون کہ رات کو گهر پر کتاب دیکهاکرون مگر [3] نهین بن پڑتا ـ لوگ جو بهائي جان کے پاس آکر بیتهتے هین ایسي اودهم مچاتے هین کہ [4] طبیعت اچات هوئي چلي جاتي هي

---

[1] *Tumke bahut hî mehnat karnî partî hai*, ‘You have to work very hard indeed.’ Here we have an example of the Urdû method of expressing the idea conveyed by the Latin gerund, according to the old definition by Priscian—*a gerund is that part of a verb which declares that anything is to be done.* See Ch. III. 20.

[2] *Imtehân-i-shashmâhî*, ‘the half-yearly examination.’

[3] *Nahîn ban-partâ*, ‘it cannot be done,’ the meaning of ‘it’ being clear from the context. *Nahîn ho-saktâ*, or *merâ bas nahîn chaltâ*, would convey the same sense.

[4] *Tabî‘at uchât hûî chalî jâtî hai*, ‘my attention is scared away.’

**باپ** ـ پھر تم کچھہ اسکا انسداد نہین کرتے

**بیتا** ـ اسکا انسداد میرے اختیار سے خارج هي اور [5] رات رایگان جاتي هي دن کو البتہ مین نے مکان کا رهنا هي چھوڑدیا صبح هوئي اور اپنے کسي هم‌جماعت کے یہان چلاگیا

**باپ** ـ اور بڑے امتحان کیواسطے بھي تم کچھہ طیاري کررهے هو

**بیتا** ـ [6] ابھي اسکے بہت دن پرے هین [7] اس سے فارغ هوکر دیکھا جایگا

**باپ** ـ کیا اسکا کوئي وقت مقرر هي

**بیتا** ـ جناب هان [8] بڑے دن کي تعطیل کے قریب هواکرتا هي

**باپ** ـ نہین نہین تمنے میري مراد کو نہین سمجھا مین [9] حساب آخرت کو بڑا امتحان کہتا هون کیا وہ بڑا امتحان نہین هي

**بیتا** ـ کیون نہین [10] سچ پوچھئے تو سب سے بڑا سخت امتحان وهي هي

---

[5] *Rât râ'egân jâtî*, 'the night goes gratis,' that is to say, the night is wasted or thrown away. *Râ'egân* literally means what is found on the road (*râh*), or got without effort. See Johnson, *sub voce.*

With the sense of *jâtî* in this passage compare the phrase *namâz jânî* at Ch. V. 90.

[6] *Abhî uske bahut din pare hain*, 'It is a long time off yet.' *Uske* is not a genitive dependent on *din*: it stands for *uske ta'în*, which is a common colloquial alternative of *usko*, and is much used by Nazîr, among other authors. This is the explanation of the ungoverned genitive (Platts, § 318), in such phrases as *uske chot lagî*, and other examples of the puzzle which have been collected. See Ch. IX. 49.

[7] *Is se fârig hokar dekhâ jâegâ*, 'When I have done with this, we shall see about that.' The adverbial participle is here used absolutely. The last line of the text at p. 22 offers another instance.

*Dekhâ jâegâ* may be regarded as impersonal (Platts, § 477), or referred to the subject of discourse, viz. *barâ imtehân*, in which case the translation is, 'that shall be seen to.'

[8] *Bare din kî ta'tîl, ke qarîb hûâ kartâ hai*, 'It always takes place near the Christmas vacation.'

[9] *Hisâb-i-âkhirat*, 'the Last Reckoning,' or 'Day of Account.'

[10] *Sach pûchhi'e*, 'if you ask the truth': a form of the aorist on the model of *châhi'e*. See

**باپ** - تو جب مین تمهارے ان دنیاوي چھوٹے چھوٹے امتحانون كي خبر ركھتا هون تو كيا اس بڑے سخت امتحان كي نسبت مين نے تمسے پوچھا تو كچھ بيجا كيا

**بيٹا** - جناب مين تو نهين كهتا كہ آپ نے بيجا كيا ايسا كهنا ميرے نزديك گستاخي اور گناه دونون هي

**باپ** - اچھا تو مين سننا چاهتا هون کہ تم اس بڑے سخت امتحان كے واسطے كيا طيّاري كررهے هو

**بيٹا** - جناب - سچ تو يهہ هي كہ مين نے اس امتحان كيواسطے مطلق طيّاري نهين كي

**باپ** - كيا يهہ غفلت نهين هي

**بيٹا** - جناب غفلت بهي پرلے درجے كي غفلت هي

**باپ** - ليكن جب تم ايسے دانشمند هو كہ دنيا كے چھوٹے چھوٹے امتحانون كے لئے مهينون اور برسون پهلے سے طيّاري كرتے هو تو اس سخت امتحان سے غافل رهنا بڑے تعجب كي بات هي

**بيٹا** - [11] شامتِ نفس

**باپ** - ليكن تمهاري غفلت كا كچھ اور بهي سبب ضرور هوگا

**بيٹا** - سبب يهي هي ميري [12] سهل انكاري

**باپ** - تم جواب ديتے هو ليكن صرف لفظون كو پهيرپهار كر - مين تمسے غفلت كا سبب پوچھتا هون اور تمنے كها كہ سهل انكاري اور

---

first member of the compound see p. 75, line 6: the second may be written *angârî*, and is derived from *angâshtan*, 'to think.'

In his answer, the father does not mean to say that *gaflat* is a synonymous term, but that 'taking things easy' amounts to the same thing (*ek chîz*) as 'forgetfulness.' Platts, § 438, for a good commentary on this usage; and for examples, see Pincott's *Hindî Manual*, p. 122.

[11] *Shâmat-i-nafs*, 'it is my misfortune,' meaning that he himself was alone to blame. Cf. the phrase at Ch. I. 132.

[12] *Sahl-ankârî*, 'taking things easy.' A rare word. For the

سهل انکاري اور غفلت ايك چيز هي تو گويا تمنے غفلت کو غفلت
کا سبب کها

**بيتا** ـ شايد گهر مين دينداري کا چرچا نهونے سے ميري غفلت
کو [13]ترقي هوئي هو

**باپ** ـ بيشك يهي سبب هي تمهاري غفلت کا اور مين نے تمسے
[14]کهودکهودکر اسيلئے دريافت کيا که جهانتك تمهاري غفلت ميري
بے پروائي کي وجه سے هي اسکا الزام مجهپر هي اور ضرور هي که مين
تمهارے روبرو اسکا اقرار کرون اور تم چهوٹے هوکر مجهکو ملامت کرو

**بيتا** ـ نهين جناب قصور سراسر ميرا هي مجهکو خدا نے اتني
[15]موٹي بات کے سمجهنے کي عقل دي تهي که مجهکو ايك، نه ايك
دن مرنا هي اور ميرے پيدا کرنے سے صرف يهي غرض نهين هوني
چاهئے که مين جانورون کي طرح کهانے اور پاني سے اپنا پيٹ بهرکر
[16]سورها کرون

**باپ** ـ تمهاري باتون سے ظاهر هوتا هي که تمهاري ديني [17]معلومات
بهي کم درجے کي نهين هي ليکن نه تو دين کے مسائل مين نے تمکو
خود سکهائے نه انکے سيکهنے کي کبهي تاکيد کي مدرسے مين تاريخ
و جغرافيه و هندسه و [18]رياضي کے سوا ـ کوئي دوسري چيز
[19]پڑهاتے نهين پهر تمنے ديني معلومات حاصل کي تو کهان سے کي

---

13 *Taraqqî hûî ho*, 'There may have been an increase.' The tense is the 'past dubious'—Ch. I. 58.

14 *Khod-khodkar*. The persistent questioning indicated by the repetition of the root, of which so many examples have occurred already, may be rendered by our word 'pumping.'

15 *Motî bât*, 'a big thing,' that is, 'a thing easily seen, or understood.' The expression has already occurred at p. 75, line 8.

16 *So-rahâ-karûn*, 'always keep asleep': a double continuative compound. Ch. I. 42.

17 *Ma'lûmât*, 'knowledge.' The Arabic plural adopted as a singular noun.

18 *Riyâzî*, 'mathematics,' or disciplinary science, from the root روض 'to train.'

19 *Parhâte nahîn*, 'they do not teach': understand *log*.

**بیٹا** ـ اسمین شك نہین کہ مین نے چھوٹي سي عمر مین قرآن پڑھا تھا لیکن وہ دوسرے ملك کي زبان مین ھي طوطے کي طرح اوّل سے آخر تك پڑھ گیا مطلق سمجھ مین نہین آیا کہ اسمین کیا لکھا ھي اور کیا اسکا مطلب ھي ـ پھر [20] مکتب مین گیا تو وھان بھي کوئي دین کي کتاب پڑھنے کا اتفاق نہوا قصّے کہاني انمین بھي اکثر بري بري باتین یہان تك کہ جن دنون مین [21] بہاردانش پڑھتا تھا ایك پادري صاحب [22] چاندني چوك مین سرِبازار وعظ کہا کرتے تھے ـ مکتب سے آتے ھوئے لوگون کي بھیڑ دیکھکر مین بھي کھڑا ھوجاتا تھا ـ پادریصاحب کے ساتھ کتابون کا بھي ایك بڑا بھاري ذخیرہ رھتا تھا اور اکثر لوگون کو اسمین سے کتابین دیاکرتے تھے ھمارے مکتب کے کئي لڑکے بھي کتابین لائے تھے انھون نے کتاب کي جلد تو اکھاڑلي اور ورقون کو یا تو پھاڑکر پھینك دیا یا پٹھے بنائے کتابون کي عمدہ عمدہ جلدین دیکھکر مجھکو بھي لالچ آیا اور مین نے کہا [23] چلو ھم بھي پادریصاحب سے کتاب مانگین ـ مکتب

---

in length, and is seventy or eighty feet broad. It is shaded with trees, and has a raised masonry promenade in the centre, which covers a canal of running water. It leads from the Lahore Gate to the Jâmi‘ Masjid.

*Sar-i-bâzâr*, ‘at the head or chief place of the *bâzâr*.’ Compare the expressions *sar-i-darbâr*, ‘the place of honour in *darbar*,’ and *sar-i-pul*, ‘the head or apex of a bridge.’

[23] *Chalo*, ‘Come!’ See Ch. I. 70: and observe the change of the succeeding pronoun to the plural, in acknowledgment, as it were, of the form of the interjection.

[20] *Maktab*: a place of writing or learning to write, the ordinary term for a Persian school in India. The *madrasa*, or place of reading, is usually applied to schools of a better class.

[21] *Bahâr-dânish*: the title of a well-known text-book in Persian schools, by Inâyat Ullah. The style of this work is good, and the tales which it contains are intended to be ethical; but much that is unfit for perusal by the young is introduced.

[22] *Chândní Chauk*, misinterpreted ‘Silver Street’ in Hunter's *Gazetteer*. *Chândnî* signifies the brightness of moonlight. The street is not far short of a mile

سے اٹھ مین سیدھا پادري صاحب کے پاس چلا گیا بہت سے لوگ
انکو گھیرے ہوے تھے انمین ھمارے مکتب کے بھي دو چار لڑکے تھے
لوگ انکے ساتھ کچھ مذھبي بحث کررھے تھے اسکو مین نے
خوب نہین سمجھا مگر ایک بات تھي کہ اکیلے پادري صاحب ایک
طرف تھے اور ھندو مسلمان سیکڑون آدمي ایک طرف ـ لوگ انکو
بہت سخت سخت باتین بھي کہتے تھے کوئي دوسرا ھوتا تو ضرور
لڑپڑتا مگر پادري صاحب کي پیشاني پر چین بھي تو نہین آتي تھي
سخت بات سنکر الٹے مُسکرادیتے تھے ـ [24] لڑکے ایک شیطان ھوتے
ھین تھوڑي دیر تک تو کھڑے سنتے رھے چلنے لگے تو انمین سے
ایک نے کہا [25] لولو ھي بے لولو ھي اسکي یہ بات سب لوگون کو ناگوار
ھوئي اور دو چار آدمیون نے اسکو مارنے کے لئے [26] تھپڑ بھي اٹھائے
پادري صاحب نے روکا اور منع کیا کہ خبردار اس سے کچھ مت
بولو لولو موتي کو بھي کہتے ھین شاید اسنے یہ سمجھکر کہا ھو تو
اسکو انعام دینا چاھئے ـ پادري صاحب کي اس بات نے مجھپر کیا
شاید سب لوگونکے دل پر بڑا ھي اثر کیا اور جب شام ھوئي لوگ
رخصت ھوے تو کئي آدمي آپسمین کہتے جاتے تھے کہ بھائي اس
شخص کا عقیدہ [27] چاھے کیسا ھي ھو لیکن حلم اور بُردباري [28] یہ
صفت تو اسمین اولیاءالله کي سي ھي

[24] *Larke ek Shaitân hote hain*, 'Boys are the very deuce,' according to our way of putting it.

[25] *Lûlû hai be lûlû hai*, 'Thou art a fool, fellow, thou art a fool!' This is the meaning of the term *lûlû* in Persian. In Arabic the word means 'pearl.' In Hindî the expression bears a ribald sense, which the bystanders may be supposed to have understood.

[26] *Thappar uthânâ*, 'to raise the hand to slap.' See Ch. IV. 48.

[27] *Châhe kaisâ hî ho*, 'be it whatever you please.' The adverb *châhe* is generally used as in Note 31 below.

[28] *Yeh sifat to ismen auliyâ-i-'llâh kî sî hai*, 'This one attribute at least is saint-like.' As in the example noted at Ch. IV. 61, there is a double ellipsis of

غرض پادري صاحب تو وعظ مین مصروف تھے اور مین اپني تاك مین تھا کہ ذرا بھیڑ کم هو یا پادریصاحب کا سِلسِلۂ سُخن مُنْقطِع هو تو کتاب مانگون لیکن نهین معلوم پادري صاحب کو میرے قیافے سے یا کس طرح پر معلوم هوگیا کہ مین کچھ انسے کهنا چاهتا هون - آپ هي نے پوچھا کہ صاحبزادے تم کچھ مجھسے کهوگے مین نے - کها کہ آپ سب لوگون کو کتابین دیتے هین ایك کتاب مجھکو بھي دیجئے

پادري صاحب - بهت خوب اس الماري مین سے تم ایك کتاب پسند کرلو [29]

مین نے سُنهري جلد کي ایك بڑي موٹي سي کتاب چھانٹي تو پادري صاحب نے کها کہ مجھکو اسکے دینے مین کچھ عُذر نهین لیکن تم اسکو پڑھ بھي سکوگے کونسي کتاب تم پڑھتے هو - مین نے کها بهاردانش

پادري صاحب - بھلا تمهارا آج کا سبق مین بھي سنون

مین نے جزودان مین سے کتاب نکال پڑھنا شروع کیا اسدن کا سبق کم بخت ایسا فُحْش اور بیهوده تھا کہ لوگون کے مَجْمَع مین مجھکو اسکا پڑھنا دشوار تھا [30] بمشکل کوئي دو تین سطرین مین نے پرھي هونگي کہ پادري صاحب نے فرمایا بیشك تمنے جو کتاب پسند کي هي اسکو بخوبي پڑھ سکوگے اور وه کتاب مین تمکو خوشي سے دیتا هون لیکن مین افسوس کرتا هون کہ کیون مین نے تمکو ایسي کتاب کے پڑھنے کو کها جسکے پڑھنے سے تم اور سننے سے مین اور یہ سب صاحب جو کھڑے هوے هین خدا کے گنهگار هوئے خدا هم سب

*main ne parhî hongî kih Pâdrî Sâhib ne farmâyâ,* 'I must have stumbled through some two or three lines, when the Missionary observed.' Comp. the sentence translated at Ch. I. 63.

*sifat* here, namely, after *ki* and after *sí*. *Auliyá* is the plural of *walí*, p. 109, line 19.

[29] *Pasand kar-lo,* 'choose for yourself.' See Ch. II. 37.

[30] *Ba-mushkil koi do tín sataren*

كي خطا معاف كرے - [31] اور تم چاهے ميري دوسري بات مانو يا نمانو ليكن اس كتاب كو تو ضرور چهوڑدو كہ اسكا مطلب تمهارے مذهب كے بهي بالكل خلاف هي مين تمسے سچ كهتا هون كہ ايسے پڑهنے سے نہ پڑهنا تمهارے حق مين بهت بهتر هي - يہ كتاب جو تم پڑهتے هو تمكو گناه اور برائي سكهاتي اور بداخلاقي اور بيحيائي كي خراب راه دكهاتي هي - باوجوديكہ لوگ پادري صاحب كي هر هر بات كو كاٹتے تهے مگر اسكو سب نے تسليم كيا

پادري صاحب سے جو كتاب مين مانگ كر لايا اسكا نام تو مجهكو معلوم نهين مگر سليس اردو مين كسي خداپرست اور پارسا آدمي كے حالات تهے - اگرچہ في الواقع مين اس كتاب كو جلد هي كے لالچ سے لايا تها ليكن مين نے كها كہ [32] لاؤ ديكهون تو اسمين لكها كيا هي - چنانچہ مين نے اسكو ديكهنا شروع كيا جون جون مين اسكو پڑهتا جاتا تها ميرا دل اسمين لگتا تها اور اسكي باتين مجهكو بهلي معلوم هوتي جاتي تهين - اس كتاب كے پڑهنے سے مجهكو معلوم هوا كہ ميرا طرز زندگي جانورون سے بهي بدتر هي اور مين روے زمين پر [33] بدترين مخلوقات هون اكثر اوقات مجهكو اپني حالت پر رونا آتا تها اور گهروالون كا وتيره ديكهہ ديكهكر ايك وحشت هوتي تهي - [34] يا تو ميري يہ كيفيت تهي كہ مصيبت مند لوگون كو ديكهكر هنسا كرتا تها يا اس كتاب كي بركت سے دوسرون كي تكليف كو مين اپني

---

[34] *Yâ to . . . yâ.* The conjunction *yâ* is often idiomatically used to point the contrast between two conditions of mind, or sets of circumstances, one of which has replaced the other. Hence the second *yâ* has the sense of 'instead of.' In the example noticed at Ch. II. 56, the first *yâ* is suppressed. See Platts, § 497 *Rem.*

[31] *Aur tum châhe*, &c., 'and whether you agree or do not agree to my second proposition,' that is, to the advice which follows.

[32] *Lâo*: an imperative used interjectionally in the sense of our exclamation 'Come!'

[33] *Badtarîn makhlûqât*, "the worst of created beings.'

تکلیف سمجھنے لگا ـ مکتب اور بہاردانش دونون کو تو مین نے اسیدن سلام کیا تھا جس روز کہ پادري صاحب نے مجھکو نصیحت کي گھر مین اکیلا پڑا ہوا دن بھر اسي کتاب کو دیکھاکرتا مکتب کے لڑکے چند بار مجھکو بلانے آئے مگر مین نہ گیا آخر خود [35] میانجي صاحب [36] تشریف لائے اور مین نے جي کو مضبوط کر انسے صاف کہدیا کہ مجھکو پڑھنا منظور نہین

آپ ان دنون [37] دکھن مین تشریف رکھتے تھے ایك روز نصیبون کي شامت مین نہین معلوم کہان چلا گیا میري غیبت مین وہ کتاب کہین بھائي جان کي نظر پڑگئي اور [38] شب برات کے کوئي چار پانچ دن باقي تھے بھائي جان کو پٹاخون کیواسطے ردّي درکار تھي بے تامل کتاب کو چیر پھاڑ برابر کردیا ـ مین نے آکر دیکھا [39] بھتیرا سر پٹکا دوڑا ہوا چوك گیا کہ پادري صاحب ہون تو دوسرا نسخہ لاؤن مگر معلوم ہوا کہ صاحب آگرہ چلے گئے ہین [39a] کفِّ افسوس ملکر

---

[35] *Mi'ânjî*: the customary appellative for a *Munshî* or teacher.

[36] *Tashrîf lâ'e*, 'did me the honour to come.' This Arabic verbal is incessantly used in Upper India by subordinates in speaking of or addressing their superiors. *Tashrîf farmânâ* is still more obsequious, and quite as common. *Tashrîf le-jânâ* means 'to depart,' and *tashrîf rakhnâ* 'to reside.'

[37] *Dakkhan men*: the reader will recollect the allusion to Nasûh's service in the "Deccan," which occurs at p. 30, line 1.

[38] *Shab-i-Barât*: the night between the 14th and 15th *Sha'bân*, the month which precedes *Ramazân*. It is the Night of Record or Assignment, for at this season, according to the teaching of Islâm, God assigns the number of births and deaths for the ensuing year, and predestinates the deeds of men. It is a religious duty to keep awake on this occasion, and fireworks are used as an aid to watchfulness. The consequence is that it has more the appearance of a *fête* than a fast.

[39] *Bahuterâ sir patkâ*, 'gave my head many a crack'—a play upon the word *patâkha* in the line before.

[39a] *Kaff-i-afsos malkar rahgayâ*, 'I was left to wring my hands in regret.' Compare Nazîr, *Faqîrî-nâma*:

تو قبر مین رہ رہ کف افسوس ملیگا

رهگيا ـ بهائي صاحب کے دوستون سے شکايت کي تو اُنهون نے کها
ميان شکر کرو کہ وہ کتاب پهٹ گئي [40] نهين تو تم کرشتان هي هوگئے
هوتے ـ يہہ جواب سنکر تو مجهکو ايك نئي حيرت پيدا هوئي کہ اگر
کرشتان ايسے هي لوگ هوتے هين جنکا حال مين نے اس کتاب مين
پڑها تو انکو برا سمجهنا کيا معني ـ خير چندے يہہ خيالات رهے اسکے
بعد تو مين مدرسے مين داخل هوا اور دوسري طرف متوجہ هوگيا ـ
اگر آپ کے نزديك ميرے خيالات دين و مذهب سے کچهہ علاقہ
رکهتے هين تو يہہ صرف اس کتاب کا اثر هي ورنہ دين کا کوئي رسالہ
بهي مجهکو ديکهنے کا اتفاق نهين هوا

**باپ** ـ اهل اسلام اور عيسائيون کے معتقدات مين کچهہ اختلاف
هي مگر پهر بهي جس قدر کہ عيسائيون کا مذهب اسلام سے [41] ملتا
هوا هي اتنا کوئي دوسرا مذهب نهين ملتا ـ [42] قرآن مين کئي جگهہ
عيسائيون اور اُنکے بزرگان دين قسّيسون اور راهبون کي تعريف
آئي هي عيسائيون کي نرم‌دلي اور خاکساري کي مدح کي هے انکي
انجيل کلام آلهي هي عيسائيون کے ساتهہ مواکلت درست مناکحت

cause some of them are *priests* and *monks*, and because they are free from pride." This text is the more remarkable as it is the only one which at all bears out the remark made by Nasûh. A verse in the earlier part of the same Sûra says: "O believers! Take not the Jews or Christians as friends." But the inconsistencies of the Qorân are beyond interpretation. The word *qissîs*, 'priest,' is said by some to be Syriac. I take it to be a word of anomalous formation from the Arabic *qass*, a 'pastor' (of camels).

[40] *Nahîn to tum Krishtân hî hoga'e hote*, 'otherwise, you would have actually turned Christian.' The 'past conditional' in its third form.

[41] *Miltâ hûâ hai*, 'has points of resemblance with.'

[42] *Qorân men*, &c. The use of the words *qissîs* and *râhib* in this passage points to Sûra v. 85, the latter part of which is thus rendered by Rodwell: "Thou shalt certainly find those to be nearest in affection to them (*i.e.* Moslems) who say, 'We are Christians (*Nasâra*).' This, be-

روا ـ [43] غرض مغائرت کہ اهل اسلام عیسائیون کے ساتھ برتتے هین ایك امر نامشروع هي ـ اور مین نهین سمجھتا کہ همارے مذهب کي عمدہ کتابین تمهارے دل پر پادري صاحب کي کتاب سے [44] بهتر اثر کرتین خصوصاً جو ضرورت کہ مجھکو درپیش هي مجھکو یقین هي کہ تمهارا اس کتاب کو دیکھ لینا اسمین بهت کام آئیگا ـ [45] همدردي کي جیسي کچھ تاکید هي تمنے اس کتاب مین دیکھا هوگا

**بیٹا** ـ اگر وہ مذهبي کتاب تھي تو مین جانتا هون کہ خاکساري و همدردي شرط عیسائیت هي

**باپ** ـ شرط عیسائیت بلکہ شرط انسانیت هي

[46] درد دل کیواسطے پیدا کیا انسان کو — ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کرّوبیان

لیکن مین تمسے سننا چاهتا هون کہ تم اس فرض کي تعمیل کهان تك کرتے هو

**بیٹا** ـ جناب شاید اگر مین اسکو همدردي کہہ سکون تو مدرسے کا جو لڑکا مجھسے کچھ پوچھنا یا پڑھنا چاهتا هي مین اسمین مطلق دریغ نهین کرتا [47] گو میرا ذاتي هرج بھي هوتا هو ـ امتحان سالانہ مین مجھکو نقد روپئے ملے تھے مین نے ایك پیسا اپنے اوپر خرچ نهین کیا

---

[43] *Garz mugâ'arat kih ahl-i-Islâm 'Îsâî'on ke sâth bartte hain ek amr-i-nâ-mashrû' hai,* 'In short, the alienation of Moslems and Christians is uncanonical.' Literally, 'the alienation which Moslems practise in dealings with Christians.' This is no doubt the feeling of the better educated of the Mahomedans in India. The bigots are irreconcileable.

[44] *Behtar asr kartîn,* 'would have had a better effect.' The tense is 'past conditional.'

[45] *Hamdardî,* &c., 'you must have observed the insistence with which the duty of sympathy is enforced in that book.'

[46] Translate: 'He created man for sympathy; otherwise, for mere submission, the Cherubims would have sufficed.'

[47] *Go merâ zâtî harj bhî hotâ ho,* 'though it may be at my personal inconvenience even.' The tense is the 'present dubious.' See Ch. I. 131.